Postal Reg.No.GDP/001/2013-15

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ وَعَلٰی عَبۡدِہِ الۡمَسِیۡحِ الۡمَوۡعُوۡد

وَلَقَدۡ نَصَرَکُمُ اللّٰہُ بِبَدۡرٍ وَّاَنۡتُمۡ اَذِلَّۃٌ

جلد 64

ایڈیٹر منصور احمد

نائبین قریشی محمد فضل اللہ، تنویر احمد ناصر ایم اے

ہفت روزہ

بدر

قادیان

The weekly BADR Qadian

www.akhbarbadrqadian.in

شمارہ 32

شرح چندہ: سالانہ 550 روپے
بیرونی ممالک: بذریعہ ہوائی ڈاک 50 پاؤنڈ یا 80 ڈالر امریکن 80 کینیڈین ڈالر یا 60 یورو

20 شوال 1436 ہجری قمری 6-ظہور 1394 ہش 6-اگست 2015ء

اخبار احمدیہ

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اللہ تعالیٰ کے فضل سے بخیر و عافیت ہیں الحمد للہ۔ احباب کرام حضور انور کی صحت و تندرستی، درازیٔ عمر، مقاصد عالیہ میں کامیابی اور خصوصی حفاظت کے لئے دُعائیں جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ حضور انور کا ہر آن حافظ و ناصر ہو اور تائید و نصرت فرمائے۔ آمین۔

اَللّٰھُمَّ اَیِّدۡ اِمَامَنَا بِرُوۡحِ الۡقُدُسِ وَبَارِکۡ لَنَا فِیۡ عُمُرِہٖ وَاَمۡرِہٖ۔

- مرزا محمد یوسف بیگ صاحب اعلیٰ درجہ کی محبت اور اعلیٰ درجہ کا اخلاص اور اعلیٰ درجہ کا حُسن ظن اس عاجز سے رکھتے ہیں ھُوَ رَجُلٌ یُّحِبُّنَا وَنُحِبُّہٗ۔
- میاں عبد اللہ نہایت عمدہ آدمی اور میرے منتخب محبوں میں سے ہے۔ کیا اچھا ہو کہ میرے دوسرے مخلص بھی اس عادت کی پیروی کریں۔
- مولوی حکیم غلام احمد صاحب انجینئر نہایت سادہ وضع، یک رنگ، صاف باطن دوست ہیں اور عطر محبت اور اخلاص سے اُن کا دل معطّر ہے۔
- سیّد فضل شاہ صاحب لاہوری تہ دل سے سچی اور پاک اور کامل ارادت اس عاجز سے رکھتے ہیں اور للّٰہی تعلق اور حُبّ میں اعلیٰ درجہ انہیں حاصل ہے۔

ارشاداتِ عالیہ سیّدنا حضرت مسیح موعود و مہدی معہود علیہ الصّلوٰۃ والسّلام

(۱۲) حبّی فی اللہ **مرزا محمد یوسف بیگ صاحب سامانوی**۔ مرزا صاحب مرزا عظیم بیگ صاحب مرحوم کے حقیقی بھائی ہیں جن کا حال رسالہ فتح اسلام میں لکھا گیا ہے اور وہ تمام الفاظ اخلاص کے جو میں نے اخویم مرزا عظیم بیگ صاحب مغفور و مرحوم کے بارے میں فتح اسلام میں لکھے ہیں اُن سب کا مصداق میرزا محمد یوسف بیگ صاحب بھی ہیں۔ ان دونوں بزرگوار بھائیوں کی نسبت میں ہمیشہ حیران رہا کہ اخلاق اور محبت کے میدانوں میں زیادہ کس کو قرار دُوں۔ میرزا صاحب موصوف ایک اعلیٰ درجہ کی محبت اور اعلیٰ درجہ کا اخلاص اور اعلیٰ درجہ کا حُسن ظن اس عاجز سے رکھتے ہیں اور میرے پاس وہ الفاظ نہیں جن کے ذریعہ سے میں اُن کے خلوص کے مراتب بیان کرسکوں یہ کافی ہے کہ اشارہ کے طور پر میں اسی قدر کہوں کہ **ھُوَ رَجُلٌ یُّحِبُّنَا وَنُحِبُّہٗ وَنَسۡئَلُ اللّٰہَ خَیۡرَہٗ فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ**۔ میرزا صاحب نے اپنی زبان اپنا مال اپنی عزت اس للّٰہی محبت میں وقف کر رکھی ہے اور اُن کا مریدانہ و محبانہ اعتقاد اس حد تک بڑھا ہوا ہے کہ اب ترقی کے لئے کوئی مرتبہ باقی نہیں معلوم ہوتا۔ **وَذَالِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ**۔

(۱۳) حبّی فی اللہ **میاں عبد اللہ سنوری**: یہ جوان صالح اپنی فطرتی مناسبت کی وجہ سے میری طرف کھینچا گیا۔ میں یقین رکھتا ہوں کہ وہ اُن وفادار دوستوں میں سے ہے جن پر کوئی ابتلا جنبش نہیں لاسکتا۔ وہ متفرق وقتوں میں دو دو تین تین ماہ تک بلکہ زیادہ بھی میری صحبت میں رہا اور میں ہمیشہ بنظر امعان اس کی اندرونی حالت پر نظر ڈالتا رہا ہوں سو میری فراست نے اس کی تہ تک پہنچنے سے جو کچھ معلوم کیا وہ یہ ہے کہ یہ نوجوان درحقیقت اللہ اور رسول کی محبت میں ایک خاص جوش رکھتا ہے۔ اور میرے ساتھ اس کے اس قدر تعلق محبت کے بجُز اِس بات کے اور کوئی بھی وجہ نہیں جو اس کے دل میں یقین ہو گیا ہے کہ یہ شخص محبانِ خدا اور رسول میں سے ہے۔ اور اس جوان نے بعض خوارق اور آسمانی نشان جو اس عاجز کو خدا تعالیٰ کی طرف سے ملے بچشم خود دیکھے ہیں جن کی وجہ سے اس کے ایمان کو بہت فائدہ پہنچا۔ الغرض میاں عبد اللہ نہایت عمدہ آدمی اور میرے منتخب محبوں میں سے ہے اور باوجود تھوڑے سے گزارہ ملازمت پٹوار کے ہمیشہ حسب مقدرت اپنی مالی خدمت میں بھی حاضر ہے اور اب بھی بارہ روپیہ سالانہ چندہ کے طور پر مقرر کر دیا ہے۔ بہت بڑا موجب میاں عبد اللہ کے زیادت خلوص و محبت و اعتقاد کا یہ ہے کہ وہ اپنا خرچ بھی کر کے ایک عرصہ تک میری صحبت میں آ کر رہتا رہا اور کچھ آیات ربّانی دیکھتا رہا۔ سو اس تقریب سے روحانی امور میں ترقی پا گیا۔ کیا اچھا ہو کہ میرے دوسرے مخلص بھی اس عادت کی پیروی کریں۔

(۱۴) حبّی فی اللہ مولوی حکیم **غلام احمد صاحب انجینئر** ریاست جموں۔ مولوی صاحب موصوف نہایت سادہ وضع، یک رنگ، صاف باطن دوست ہیں اور عطر محبت اور اخلاص سے اُن کا دل معطّر ہے۔ دینی امدادات میں پورے پورے صدق سے حاضر ہیں۔ مولوی صاحب اکثر علوم وفنون میں کامل لیاقت رکھتے ہیں اور اُن کے چہرے پر استقامت و شجاعت کے انوار پائے جاتے ہیں اس سلسلہ کے چندہ میں دو روپیہ ماہواری انہوں نے اپنی مرضی سے مقرر کیا ہے۔ **جَزَاھُمُ اللّٰہُ خَیۡرَ الۡجَزَاءِ**۔

(۱۵) حبّی فی اللہ **سیّد فضل شاہ صاحب لاہوری** اصل سکنہ ریاست جموں نہایت صاف باطن اور محبت اور اخلاص سے بھرے ہوئے اور کامل اعتقاد کے نور سے منور ہیں۔ اور مال و جان سے حاضر ہیں اور ادب اور حسن ظن جو اس راہ میں ضروریات سے ہے ایک عجیب انکسار کے ساتھ ان میں پایا جاتا ہے۔ وہ تہ دل سے سچی اور پاک اور کامل ارادت اس عاجز سے رکھتے ہیں اور للّٰہی تعلق اور حُبّ میں اعلیٰ درجہ انہیں حاصل ہے اور یک رنگی اور وفاداری کی صفت ان میں صاف طور پر نمایاں ہیں اور ان کے برادر حقیقی ناصر شاہ بھی اس عاجز سے تعلق بیعت رکھتے ہیں اور ان کے ماموں منشی کرم الٰہی صاحب بھی اس عاجز کے یک رنگ دوست ہیں۔

(ازالہ اوہام، روحانی خزائن، جلد 3، صفحہ 530 تا 532)

★★★ ★★★ ★★★

جمیل احمد ناصر، پرنٹر و پبلشر نے فضل عمر پرنٹنگ پریس قادیان میں چھپوا کر دفتر اخبار بدر قادیان سے شائع کیا: پروپرائٹر، نگران بدر بورڈ قادیان

قرآن مجید، احادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے امانتوں کی ادائیگی اور خیانت سے بچنے اور غصّہ کو دبانے اور اعلیٰ اخلاق دکھانے سے متعلق تاکیدی نصائح

خطبہ جمعہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ فرمودہ 3؍جولائی 2015 بطرز سوال وجواب
بمطابق منظوری سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

سوال حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے جماعتی عہدے داران، ذیلی تنظیموں کے عہدے داران اور مقامی محلے کی سطح کے عہدے داران سے کن توقعات کا اظہار فرمایا؟

جواب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعتی نظام میں ایک مرکزی نظام کے علاوہ ذیلی تنظیموں کا بھی نظام ہے اور پھر جماعتی مرکزی نظام میں بھی اور ذیلی تنظیموں کے نظام میں بھی ملکی سطح سے لے کر مقامی محلے کی سطح تک عہدیدار مقرر ہیں اور ہر عہدیدار سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ خلافت کا دست و بازو بن کر ان فرائض کو ادا کرنے کی کوشش کرے جو وسیع تر پھیلاؤ کے ساتھ خلافت کی ذمہ داری ہے۔ پس اگر اس بات کو تمام مربیان اور عہدیدار سمجھ لیں تو ایک انقلابی تبدیلی جماعت میں پیدا ہوسکتی ہے...... یہاں ہم میں سے ہر ایک پر یہ بھی واضح ہونا چاہئے کہ کسی بھی عہدیدار کو یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ نصیحت کرنا میرا کام نہیں۔ یہ تو صرف امیر جماعت یا صدر جماعت یا سیکرٹری یا مربی یا دوسرے سیکرٹریان کا کام ہے یا اسی طرح صدر انصار اللہ یا ان کے تربیتی شعبہ کا کام ہے یا صدر خدام الاحمدیہ یا ان کے تربیتی شعبہ کا کام ہے یا لجنہ کی صدر اور ان کے تربیتی شعبہ کا کام ہے۔ نہیں، بلکہ ہر سیکرٹری چاہے وہ سیکرٹری ضیافت ہے یا ذیلی تنظیموں میں خدمت خلق یا کھیلوں کا نگران ہے، کوئی بھی ہے اگر وہ کسی بھی صورت میں خدمت انجام دے رہا ہے تو اس کا کام ہے کہ اپنے نمونے قائم کرے۔ اور اگر یہ ہو جائے تو پہلے بھی میں کئی دفعہ کہہ چکا ہوں کہ پچاس فیصد سے زیادہ جماعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اللہ تعالیٰ کے حکموں پر چلنے والی بن سکتی ہے۔ چاہے وہ مسجدوں میں نمازوں کی حاضری ہو یا دوسری قربانیوں اور حقوق العباد کا معاملہ ہو۔ پس ہر سطح پر جماعت کی خدمت کرنے والا پہلے تو اپنے اندر دیکھے کہ ان احکامات کی کس حد تک میں پابندی کر رہا ہوں۔ ان کی جگالی کر کے اپنی حالت بہتر بنائے اور پھر دوسرے کو بتائے

سوال حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک روزے دار کو نماز تراویح، نماز تہجد، نوافل اور تلاوت قرآن کریم کے متعلق کیا نصائح فرمائیں؟

جواب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: تراویح کی جو نماز ہوتی ہے، یہ بیشک فرض نہیں ہے۔ یہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں اس لئے شروع ہوئی تھی کہ جو لوگ تہجد نہیں پڑھ سکتے ان کی نفلی عبادت بھی ہو جائے۔ نفل نماز بھی ادا ہو جائے اور قاری کے ذریعہ سے وہ قرآن کریم بھی سن لیں۔ لیکن جو تہجد پر اٹھ سکتے ہیں ان کو تہجد بھی پڑھنی چاہئے۔ آجکل کیونکہ وقت تھوڑا ہوتا ہے اس لئے چاہے تھوڑی ہی پڑھیں لیکن پڑھنی چاہئے۔ جو بھی روزہ رکھنے کے لئے جاگے گا یا اس وقت جاگتا ہے تو ادھر ادھر کی باتیں کرنے کی بجائے پہلے نفل پڑھنے چاہئیں۔ تراویح روزے کے ساتھ کوئی لازمی شرط نہیں ہے اور تہجد بھی گو لازمی شرط نہیں ہے لیکن نوافل بہر حال ادا کرنے چاہئیں۔ مومنین کو تہجد پڑھنے کا عام حالات میں بھی حکم ہے یا تلقین کی گئی ہے۔ یہ وضاحت میں نے اس لئے کر دی ہے کہ کسی نے مجھے کہا تھا کہ شاید روزہ رکھنے والے کے لئے ضروری ہے کہ کم از کم آٹھ رکعت یا تراویح پڑھے یا تہجد پڑھے۔ تو یہ واضح کر دوں کہ تہجد یا تراویح روزے کے لئے کوئی شرط نہیں ہے۔ ہاں عبادتیں ضروری ہیں۔ نوافل پڑھنے چاہئیں جب وقت ملے۔ اور روزے کے ساتھ جو اصل چیز ہے وہ قرآن کریم پڑھنا ہے جو مسنون ہے۔ پس زیادہ سے زیادہ قرآن کریم پڑھنے کی طرف ہر ایک کی توجہ ہونی چاہئے۔

سوال رمضان کے مہینے میں اور اس کے بعد بھی اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹنے اور رمضان کے مہینے سے فائدہ اُٹھانے کے لئے حضور انور نے کن امور کو یاد رکھنے کی تلقین فرمائی؟

جواب حضور نے فرمایا: اس بات کو ہم میں سے ہر ایک کو سمجھنا چاہئے کہ نماز اور عبادت اللہ تعالیٰ کے بنیادی حکموں میں سے ہے۔ جس طرح آجکل ہم میں سے اکثر کو عبادتوں کی طرف اس لئے توجہ پیدا ہوئی ہے کہ رمضان کا مہینہ برکتوں کا مہینہ ہے اور دعاؤں کی قبولیت کا مہینہ ہے، اس لئے ہم بھی اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹنے والے بنیں اور اس رمضان کے مہینے سے فائدہ اٹھا لیں۔ اس بارے میں ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی نظر ہمارے دل کی گہرائیوں تک ہے۔ وہ ہماری نیّتوں کو جانتا ہے اور ہمارے اعمال کو ہماری نیتوں کے مطابق دیکھتا ہے تو پھر ہمیں اس نیّت سے مسجدوں کی آبادی اور عبادت کی طرف توجہ دینی چاہئے کہ ہم اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کریں اور اس مہینے کی عبادتوں کو پھر زندگی کا حصہ بنانے کی کوشش کریں۔ اگر تہجد کی عادت پڑ گئی یا دن کے نوافل ادا کرنے کی طرف توجہ پیدا ہوگئی تو پھر اس عادت کو مستقل اپنانے کی کوشش کرنی چاہئے۔

سوال آیت کریمہ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (الانفال:28) اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ اور اس کے رسول سے خیانت نہ کرو ورنہ تم اس کے نتیجہ میں خود اپنی امانتوں سے خیانت کرنے لگو گے جبکہ تم اس خیانت کو جانتے ہوگے، کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے کیا تشریح بیان فرمائی؟

جواب حضور نے فرمایا: پس یہ بہت توجہ طلب اور اہم حکم ہے۔ خیانت صرف بڑی باتوں یا بڑے کاموں میں ہی نہیں ہوتی بلکہ چھوٹی چھوٹی باتوں اور کاموں سے لے کر بڑی بڑی باتوں اور کاموں سب پر حاوی ہے۔...... ہر برائی چاہے وہ چھوٹی ہو یا بڑی وہ برائی ہے لیکن بعض برائیاں ایسی ہیں جو دوسری برائیوں کو بھی جنم دیتی چلی جاتی ہیں اور خیانت بھی ان میں سے ایک ایسی برائی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ خیانت کی عادت پھر اپنی امانتوں اور فرائض کی ادائیگی سے بھی خیانت کرواتی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ خائن نہ ہی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے حقوق ادا کرنے والا ہوسکتا ہے، نہ ہی بندوں کے حقوق ادا کرنے والا۔ ایک خائن شخص لاکھ کہتا پھرے کہ میں نمازیں پڑھنے والا ہوں عبادت کرنے والا ہوں لیکن جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے کہ عبادت کا مقصد تقویٰ پیدا کرنا ہے اور تقویٰ کا مطلب ہی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت اور خوف کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے حقوق ادا کرنا۔ حقوق کی ادائیگی میں خیانت جو ہے وہ تقویٰ سے دور لے جاتی ہے۔ یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ آدمی خائن بھی ہو اور تقویٰ پر چلنے والا بھی ہو اور حقوق ادا کرنے والا بھی ہو۔ نتیجۃً ایسے شخص کی عبادتیں بھی اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا۔ عابد بننا تو بہت بڑی بات ہے، ایک خائن تو ایمان لانے والا بھی نہیں کہلا سکتا۔

سوال آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک مومن کی کیا علامت بیان فرمائی ہے؟

جواب حضور انور نے فرمایا: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر فرمایا کہ کسی شخص کے دل میں ایمان اور کفر نیز صدق اور کذب اکٹھے نہیں ہو سکتے اور نہ ہی امانت اور خیانت اکٹھے ہو سکتے ہیں۔

نیز فرمایا: پس ایمان کی نشانی سچائی ہے اور امانت کی ادائیگی ہے۔ اس لئے ایک موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن میں جھوٹ اور خیانت کے علاوہ بری عادتیں ہوسکتی ہیں لیکن ایک مومن میں یہ دو عادتیں نہیں ہوسکتیں۔ جو جھوٹ بولنے والا اور خیانت کرنے والا ہے وہ مومن ہے ہی نہیں۔

سوال وہ تین باتیں کون سی ہیں جن کے بارے میں مسلمان کا دل خیانت نہیں کر سکتا؟

جواب حضور انور نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین باتوں کے بارے میں مسلمان کا دل خیانت نہیں کرسکتا۔ نمبر ایک یہ کہ خدا تعالیٰ کی خاطر کام میں خلوص نیت۔ دوسرا یہ کہ ہر مسلمان کے لئے خیر خواہی۔ تیسرے یہ کہ جماعت کے ساتھ مل کر رہنا۔

سوال جماعتی نظام کی پابندی، عہدِ بیعت کو نبھانے اور امانتوں کے حقوق ادا کرنے کے متعلق حضور انور نے احباب جماعت کو کیا نصیحت فرمائی؟

جواب حضور انور نے فرمایا: ایک احمدی کے لئے جماعتی نظام کی پابندی اور اپنے عہدِ بیعت کو نبھانا ضروری ہے۔ جماعت کا ہر فرد اپنے اپنے اجتماعوں میں یہ عہد دہراتا ہے کہ وہ نظام جماعت کا پابند رہے گا۔ پس یہ عہد بھی ایک امانت ہے اور اس کا ادا کرنا ضروری ہے۔ اپنی تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ اسے پورا کرنا ضروری ہے۔ خلافت سے وابستگی اور اطاعت بھی ضروری ہے۔ یہ عہد میں دہرائی جاتی ہے۔

امانتوں کے حق ادا کرنے میں گھریلو باتوں میں سے یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ لڑکا لڑکی جب شادی کے بندھن میں بندھ جاتے ہیں تو ایک دوسرے کے لئے ان کے کچھ حقوق ہیں اور ان حقوق کی ادائیگی ایک امانت ہے.

سوال آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے صحیح مشورہ نہ دینے والے کے متعلق کیا فرمایا؟

جواب حضور انور نے فرمایا: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس سے اس کے مسلمان بھائی نے کوئی مشورہ طلب کیا اور اس نے بغیر رشد کے مشورہ دیا تو اس نے اس سے خیانت کی۔

سوال حضرت مسیح موعود علیہ السلام ہم میں امانت کی ادائیگی اور خیانت سے بچنے کے کیا معیار دیکھنا چاہتے ہیں؟

جواب حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ایک جگہ فرمایا:

''جو شخص...... بدنظری سے اور خیانت سے، رشوت سے اور ہر ایک ناجائز تصرف سے توبہ نہیں کرتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے''۔ فرمایا: ''ہر ایک مرد جو بیوی سے یا بیوی خاوند سے خیانت سے پیش آتی ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے''۔

پھر آپ نے فرمایا کہ: ''خدا کے واحد ماننے کے ساتھ یہ لازم ہے کہ اس کی مخلوق کی حق تلفی نہ کی جاوے۔ جو شخص اپنے بھائی کا حق تلف کرتا ہے اور اس کی خیانت کرتا ہے وہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه کا قائل نہیں''۔

پھر آپ نے فرمایا کہ: ''خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں تقویٰ کو لباس کے نام سے موسوم کیا ہے۔ چنانچہ 'لباس التقویٰ' قرآن شریف کا لفظ ہے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ روحانی خوبصورتی اور روحانی زینت تقویٰ سے ہی پیدا ہوتی ہے۔ اور تقویٰ یہ ہے کہ انسان خدا کی تمام امانتوں اور ایمانی عہد اور ایسا ہی مخلوق کی تمام امانتوں اور عہد کی حتی الوسع رعایت رکھے۔ یعنی ان کے دقیق در دقیق پہلوؤں پر تا بمقدور کاربند ہو جائے''۔

سوال آیت کریمہ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ۔ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ (آل عمران:135) یعنی وہ لوگ جو آسائش میں بھی خرچ کرتے ہیں اور تنگی میں بھی اور غصہ دبا جانے والے اور لوگوں سے درگزر کرنے والے ہیں اور اللہ احسان کرنے والوں سے محبت کرتا ہے، میں اللہ تعالیٰ نے حقوق کی ادائیگی کے کیا معیار بیان فرمائے ہیں؟

جواب حضور انور نے فرمایا: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ حقوق کی ادائیگی کے معیار کیا ہونے چاہئیں؟ بلکہ اس سے بھی آگے جا کر ہمیں یہ نصیحت فرمائی کہ معاشرے کی خوبصورتی حقوق کی ادائیگی سے بھی آگے جا کر قربانی کرنے سے پیدا ہوتی ہے۔ صرف حق نہیں ادا کرنے بلکہ حق ادا کرنے کے لئے بعض دفعہ قربانی بھی کرنی پڑتی ہے۔ جس معاشرے میں ہر انسان نہ صرف ایک دوسرے کے حق ادا کر رہا ہو بلکہ قربانی کر کے حق ادا کرنے کی کوشش کر رہا ہو وہ معاشرہ حقیقی طور پر اس

باقی صفحہ 19 پر ملاحظہ فرمائیں

خطبہ جمعہ

رمضان کا مہینہ اپنے اختتام کو پہنچ رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان کے مطابق گنتی کے چند دن گزر گئے۔ ہم میں سے بہت سوں نے ان دنوں کے فیض سے فیض اٹھایا ہوگا۔ بعض کو ان دنوں میں نئے تجربات ہوئے ہوں گے۔ اب یہ دعا اور کوشش ہونی چاہئے کہ یہ فیض، یہ برکات، یہ نئے روحانی تجربات ہماری زندگیوں کا حصہ بن جائیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف بڑھنے والے ہمارے قدم اب یہاں رُک نہ جائیں بلکہ ہمیشہ بڑھتے رہنے والے قدم ہوں اور ہر قدم بیشمار برکات کو سمیٹنے والا قدم ہو۔

ہمارے نوجوانوں کو بھی اور ہم میں سے جمعہ کی ادائیگی کے بارے میں سستی کرنے والوں کو بھی یہ یاد رکھنا چاہئے کہ غیر احمدیوں میں اگر جمعۃ الوداع کا کوئی تصور ہو تو ہو، جماعت احمدیہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم کے مطابق جمعۃ الوداع کا نہ کوئی تصور ہے، نہ کوئی ہونا چاہئے۔

اللہ تعالیٰ نے رمضان کے جمعوں یا رمضان کے آخری جمعہ میں شامل ہونے کا ارشاد اور حکم نہیں فرمایا بلکہ بلا تخصیص نماز جمعہ کی اہمیت کی طرف توجہ دلائی ہے۔

قرآن مجید و احادیث نبویہ کے حوالہ سے جمعۃ المبارک کی اہمیت و برکات کا تذکرہ اور ان سے استفادہ کی تاکید

جمعہ کی برکات سے فیض پانے کے لئے یا فیض اٹھانے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر سات دن کے بعد آنے والے جمعہ کو ہی اہم اور بخشش کا ذریعہ قرار دیا

پس ہر آنے والا جمعہ ہمارے لئے یہ گواہی دینے والا ہونا چاہئے کہ ہم نے اللہ تعالیٰ کے خوف سے یہ دن گزارے اور کوئی ایسا عمل نہیں کیا جو خدا تعالیٰ کو ناراض کرنے والا ہو یا جان بوجھ کر ایسا عمل نہیں کیا جو خدا تعالیٰ کی ناراضگی کا مورد بنائے تو پھر اللہ تعالیٰ چھوٹی موٹی غلطیوں اور کوتاہیوں کو، کمیوں کو معاف فرما دیتا ہے۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے ہی کام میں برکت پڑتی ہے۔ اگر اس کی خاطر جمعہ کے تھوڑے سے وقت کے لئے قربانی کرو گے تو کاروباروں میں برکت پڑے گی اور اس کے فضلوں کو حاصل کرنے والے بنو گے

رمضان کی برکات سے فائدہ اٹھانا بھی یہی ہے کہ جن نیکیوں کی ہمیں رمضان میں توفیق ملی ہے ان میں سے اگر اضافہ کرتے ہوئے نہیں تو کم از کم ان پر قائم رہتے ہوئے ہم اگلے رمضان کا استقبال کریں

یہ رمضان بھی اور جمعہ بھی اور ہماری عبادتیں بھی ہمیں اس طرف توجہ دلانے والی ہونی چاہئیں کہ ہم نے جہاں تقویٰ کے پہلے مرحلے میں بدیوں کو مکمل طور پر چھوڑنا ہے یا چھوڑا ہے وہاں تقویٰ کے اگلے مرحلے پر چلتے ہوئے تمام نیکیوں کو پورے اخلاص سے ادا کرنا ہے۔

خطبہ جمعہ سیدنا امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ مورخہ 17 رجولائی 2015ء بمطابق 17 وفا 1394 ہجری شمسی بمقام مسجد بیت الفتوح مورڈن

(خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ بدر ادارہ الفضل انٹرنیشنل لندن کے شکریہ کے ساتھ شائع کر رہا ہے)

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

أَمَّا بَعْدُ فَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ۔ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ۔ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔ (الجمعة:10۔11)

رمضان کا مہینہ اپنے اختتام کو پہنچ رہا ہے۔ آج شاید بعض جگہ آخری روزہ ہو بعض جگہ کل آخری روزہ ہے۔ اور یوں اللہ تعالیٰ کے فرمان کے مطابق گنتی کے چند دن گزر گئے۔ ہم میں سے بہت سوں نے ان دنوں کے فیض سے فیض اٹھایا ہوگا۔ بعض کو ان دنوں میں نئے تجربات ہوئے ہوں گے۔ اب یہ دعا اور کوشش ہونی چاہئے کہ یہ فیض، یہ برکات، یہ نئے روحانی تجربات ہماری زندگیوں کا حصہ بن جائیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف بڑھنے والے ہمارے قدم اب یہاں رک نہ جائیں بلکہ ہمیشہ بڑھتے رہنے والے قدم ہوں اور ہر قدم بیشمار برکات کو سمیٹنے والا قدم ہو۔

آج رمضان کا آخری جمعہ بھی ہے۔ ہم میں سے اکثریت تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑے اہتمام کے ساتھ جمعہ پڑھنے والی ہے لیکن بہت سے ایسے بھی ہوں گے جو آج رمضان کے اس آخری جمعہ کو بڑی اہمیت دیتے ہیں اور اہمیت دے رہے ہوں گے۔ دنیا میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے اب جماعتیں بڑی پھیل چکی ہیں۔ مختلف طبقات سے لوگ احمدیت میں شامل ہو رہے ہیں۔ ان پہ پرانی تربیت کا اثر بھی ہے اور بعض ایسے بھی ہوں گے جو عموماً سارا سال جمعہ کو اتنی اہمیت نہیں دیتے لیکن رمضان کے آخری جمعہ کو بڑی اہمیت دیتے ہیں اور مسلمانوں میں رائج عام تصور کی وجہ سے سمجھتے ہیں کہ اس جمعہ میں شامل ہونا جو جمعۃ الوداع کے نام سے عام مسلمانوں میں مشہور ہے انہیں گزشتہ سال کی تمام برائیوں اور کمزوریوں سے نجات دلانے والا ہوگا اور تمام سال کی عبادتوں کا حق اب شاید اس جمعہ میں شامل ہونے سے ادا ہو جائے گا۔ پس ایسے لوگ چاہے چند ہی ہوں مَیں انہیں یہ یاد کروانا چاہتا ہوں اور انہیں یاد رکھنا چاہئے کہ اس جمعہ میں شامل ہونے سے ہماری زندگی کے مقصد کا حق ادا نہیں ہو جاتا۔ اللہ تعالیٰ کے کلام سے یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات سے یہ بات ثابت ہے کہ صرف رمضان کا آخری جمعہ پڑھ لینا نجات کا ذریعہ نہیں بن جاتا۔ اس لئے اگر انسان نجات حاصل کرنا چاہتا ہے تو صرف اسی میں شامل ہو جائے تو انسان کی دنیا و عاقبت سنور جاتی ہے، یہ کہیں ثابت نہیں ہوتا۔

پس ہمارے نوجوانوں کو بھی اور ہم میں سے جمعہ کی ادائیگی کے بارے میں سستی کرنے والوں کو بھی یہ یاد رکھنا چاہئے کہ غیر احمدیوں میں اگر جمعۃ الوداع کا کوئی تصور ہو تو ہو، جماعت احمدیہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم کے مطابق جمعۃ الوداع کا نہ کوئی تصور ہے، نہ کوئی ہونا چاہئے۔ ہاں اگر آج جمعہ میں اہتمام سے شامل ہونے والے کے دل میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے یا یہ خیال آ جاتا ہے کہ آج سے میں عہد کرتا ہوں کہ اپنی کمزوری کو دور کروں گا جو جمعوں میں شامل نہ ہونے کی وجہ سے مجھ سے ہوتی رہی اور آئندہ ہمیشہ جمعوں پر خاص اہتمام سے شامل ہوں گا تو پھر یقیناً اس جمعہ کی اہمیت ہے بلکہ اس دن کی اہمیت ہے اور صرف جمعہ ہی اس کے لئے بابرکت نہیں بلکہ اس پاک تبدیلی کی وجہ سے ایسے شخص کے لئے یہ لمحہ جس میں اس کے اندر پاک تبدیلی پیدا ہوئی اور اس کا خیال آیا اور اس خیال نے ایک پکّا ارادہ دل میں پیدا کر دیا کہ میں اللہ تعالیٰ کے احکامات کو اب اہمیت دوں گا، ان پر قائم رہوں گا تو پھر اس کے لئے یہ دن اور یہ لمحہ لیلۃ القدر بن جائے گا۔ ایک اندھیری رات کے بعد اس میں روحانی روشنی کے سامان پیدا ہو جائیں گے۔ اور جیسا کہ میں نے گزشتہ خطبہ میں بھی کہا تھا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ انسان کے لئے ایک لیلۃ القدر اس کا وقت اصفیٰ بھی ہے۔

(ماخوذ از ملفوظات جلد 2 صفحہ 336)

یعنی جب وہ اپنے اندر پاک تبدیلی پیدا کرتے ہوئے خدا تعالیٰ کی طرف جھکتا ہے، اس کے احکامات پر عمل کا عہد

کرتا ہے اور اس پر قائم ہو جاتا ہے۔

جمعوں کی اہمیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں کیا ارشاد فرمایا ہے۔ یہ آیات جو میں نے تلاوت کی ہیں ان میں سے پہلی آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو جب جمعہ کے دن کے ایک حصہ میں نماز کے لئے بلایا جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف جلدی کرتے ہوئے بڑھا کرو اور تجارت چھوڑ دیا کرو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو۔

پھر اگلی آیت میں فرمایا کہ پس جب نماز ادا کی جا چکی ہو تو زمین میں منتشر ہو جاؤ اور اللہ کے فضل میں سے کچھ تلاش کرو اور اللہ کو بکثرت یاد کرو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ۔

پس واضح ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ نے جمعہ پر آنے اور تمام دنیاوی معاملات کو پس پشت ڈال کر اللہ تعالیٰ کا تقویٰ دل میں پیدا کرتے ہوئے اس میں شامل ہونے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں رمضان کے جمعوں یا رمضان کے آخری جمعہ میں شامل ہونے کا ارشاد اور حکم نہیں فرمایا بلکہ بلا تخصیص نماز جمعہ کی اہمیت کی طرف توجہ دلائی ہے۔ فرمایا کہ ہر جمعہ بہت اہم ہے۔ اس لئے اگر تم مومن ہو، اگر تم ایمان لانے کا دعویٰ کرتے ہو تو پھر جمعہ کا خاص دن جو تمہارے لئے عام دنوں سے بڑھ کر ہے اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے مخصوص کیا گیا ہے۔ خاص طور پر اس میں اپنے کاروبار اپنی تجارتیں اپنی مصروفیات چھوڑ کر شامل ہوں۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡٓا کہہ کر اس بات پر زور دیا کہ ایمان کے لئے ضروری شرط جمعہ کی ادائیگی ہے اور اس کے لئے ہر جمعہ میں شامل ہونا ضروری شرط ہے۔ پس بغیر عذر کے نہ شامل ہونے والے کو اپنے ایمان کی حالت کی بھی فکر کرنی چاہئے۔ ان لوگوں کو بھی سوچنا چاہئے جو جمعہ پر دیر سے آتے ہیں۔ اپنے کاموں کو اگر سمیٹنا ہے تو وقت سے پہلے سمیٹیں۔ یہاں جو جمعہ پر آنے والے ہیں ہر ایک کو علم ہے کہ ایک بجے جمعہ کا وقت ہے یا مختلف ممالک میں مختلف جگہوں پر جو جو بھی اس کے اوقات ہیں وہ مقرر کئے ہوتے ہیں۔ یہاں خاص طور پر یورپ میں سفر کا جو مارجن (margin) ہے وہ بھی رکھیں اور اس مارجن (margin) کو رکھ کر پھر تیاری کرنی چاہئے۔ ان ملکوں میں تو ٹریفک اور پارکنگ وغیرہ کا بھی خیال رکھنا چاہئے۔ اس سے بعض مسائل پیدا ہوتے ہیں اور خاص طور پر جب رش ہو۔ پس اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب تمہیں جمعہ کے لئے بلایا جائے تو ان تمام چیزوں کو ملحوظ رکھنا چاہئے اور جمعہ کے دن اور وقت کا اندازہ کر کے نکلنا چاہئے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ پر پہلے آنے والے کو بڑے ثواب کا مستحق ٹھہرایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ کے دن مسجد کے ہر دروازے پر فرشتے کھڑے ہو جاتے ہیں اور وہ مسجد میں پہلے آنے والے کو پہلا لکھتے ہیں اور اسی طرح مسجد میں آنے والوں کی فہرست تیار کرتے جاتے ہیں یہاں تک کہ امام اپنا خطبہ ختم کر لیتا ہے تو وہ فرشتے اپنے رجسٹر بند کر لیتے ہیں۔

(صحیح البخاری کتاب الجمعۃ باب الاستماع الی الخطبۃ 929)

پس ہر آنے والے کو مسجد میں آنے اور جمعہ والے دن ذکر الٰہی کرنے کا خاص ثواب ہے۔ امام کے انتظار میں اور خطبہ کے دوران بھی وہ اس ثواب سے حصہ لے رہے ہوتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کو اہمیت نہ دینے والوں کو بڑی تنبیہ فرمائی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے جان بوجھ کر تین جمعے چھوڑ دیئے اللہ تعالیٰ اس کے دل پر مہر کر دیتا ہے۔

(سنن الترمذی ابواب الجمعۃ باب ماجاء فی ترک الجمعۃ من غیر عذر 500)

پس اس اہمیت کو ہم سب کو اپنے پیش نظر رکھنا چاہئے۔ خدا تعالیٰ نے نہ ہی قرآن کریم میں اور نہ ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہیں یہ ارشاد فرمایا ہے کہ رمضان کا آخری جمعہ بہت اہمیت کا حامل ہے بلکہ تمام جمعوں کو ہی اہم بتایا ہے۔ بلکہ ایک حدیث ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمانو! جمعہ کے دن کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے عید بنایا ہے۔ پس اس روز خاص اہتمام سے نہا دھو کر تیار ہوا کرو۔

(المعجم الصغیر للطبرانی باب الحاء من اسمہ الحسن صفحہ 129)

پس یہ ہر جمعہ کی اہمیت ہے جو ہم سے تقاضا کرتی ہے کہ ہر جمعہ کو ہی اہتمام کریں اور تمام مصروفیات کو ہم ترک کریں۔ تمام کاموں اور کاروباروں سے وقفہ لیں اور مسجد میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے لئے آئیں جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کس طرح کھول کر اس کی اہمیت بیان فرمائی ہے۔ پس یہ بات ثابت کرتی ہے کہ مومن کے ایمان کے معیار کو اونچا کرنے کے لئے ہر مومن پر جمعہ کی ادائیگی فرض ہے۔

اور صرف یہی نہیں بلکہ اس کا منفی پہلو اور انذار بھی بیان فرما دیا کہ جان بوجھ کر جمعہ چھوڑنے والے کا دل نیکیوں کے بجا لانے کے لئے بالکل بند ہو جاتا ہے۔ پس بڑے خوف کا مقام ہے۔ سستیاں کرنے والوں کو اپنے جائزے لینے چاہئیں اور بغیر عذر کے بلا وجہ کی سستیاں ترک کرنی چاہئیں۔ اسلام صرف سختیاں ہی نہیں کرتا۔ اسلام ایک سمویا ہوا مذہب ہے اس میں صرف انذار ہی نہیں اور سختیاں ہی نہیں ہیں۔ یہی نہیں کہہ دیا کہ جمعہ پر نہیں آؤ گے تو ڈرا دیا بلکہ جیسا کہ میں نے کہا اگر جائز عذر ہے تو ٹھیک ہے۔ اگر جائز عذر کے بغیر کوئی نہیں آتا تو وہ پکڑ میں آتا ہے۔

بغیر جائز عذر کے جمعہ چھوڑنا منع ہے۔ ان جائز عذروں کی بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وضاحت فرما دی۔ کون کون لوگ ہیں جن کے عذر ہو سکتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ ہر مسلمان پر جماعت کے ساتھ جمعہ ادا کرنا فرض ہے سوائے چار استثناء کے اور وہ چار لوگ جن کو مستثنیٰ کیا گیا ہے وہ ہیں غلام، عورت، بچہ اور مریض۔ (سنن ابی داؤد کتاب الصلوٰۃ باب الجمعۃ للمملوک والمرأۃ 1067)

پس یہ اسلام کی خوبصورت تعلیم ہے کہ مجبوروں اور جائز عذر رکھنے والوں کو چھوٹ دی۔ یہ نہیں کہ ہر عورت، بچہ اور مریض اور وہ غلام جو اپنے مالک کی سختیوں کی وجہ سے مجبور ہیں اگر جمعہ پر نہیں آتے تو ان کا دل سیاہ ہو جائے گا۔ یہ لوگ اس سے مستثنیٰ ہیں۔ ان کے لئے نہیں کہا گیا کہ ان کے دلوں پر مہر لگ جائے گی۔ عورتیں اگر آ جائیں تو ٹھیک ہے۔ نماز باجماعت، جمعہ کے علاوہ جو پانچ نمازیں ہیں وہ مسجد میں آنا اور باجماعت ادا کرنا صرف مَردوں پر فرض ہے۔ ضروری نہیں کہ عورتیں ضرور مسجد میں آئیں لیکن جمعہ پر اگر عورتیں آ جاتی ہیں تو یہ مستحسن ہے۔ اگر نہیں آتیں تو کوئی حرج نہیں۔ لیکن بعض عورتیں جو آتی ہیں ان کے چھوٹے بچے بھی ہوتے ہیں تو وہ جب آتی ہیں تو بعض دفعہ ڈسٹرب بھی کر رہی ہوتی ہیں۔ پھر بعض عورتوں کی دوسری گھریلو مصروفیات بھی ہوتی ہیں اس لئے انہیں گھروں میں رہنے کی اجازت ہے۔ بلکہ چھوٹے بچوں والی عورتوں کو جیسا کہ میں نے کہا کہ ڈسٹرب کرتی ہیں۔ چاہے وہ آ بھی سکتی ہوں ان کے لئے آسانی بھی ہو تو انہیں آنا بھی نہیں چاہئے، کیونکہ پھر اس سے بعض دفعہ بچوں کی وجہ سے باقی نمازیوں کی نماز اور خطبے میں خلل پڑتا ہے۔ صرف عید کی نماز پر آنا ہر عورت پر فرض ہے۔ اگر نماز نہ بھی پڑھنی ہو تو خطبہ سن لے۔

اسی طرح غلام ہیں وہ اپنے مالک کے ہاتھوں مجبور ہوتے ہیں لیکن آجکل تو کوئی غلام نہیں ہے۔ پرانے زمانے میں غلاموں کا جو تصور تھا اِس زمانے میں تو نہیں پایا جاتا۔ ملازم پیشہ لوگ تو لوگ ہیں لیکن وہ غلاموں کے زُمرہ میں نہیں آتے۔ اس لئے ان کو بھی اپنے آپ کو اس چھوٹ کی وجہ سے غلاموں کے زُمرہ میں شامل نہیں کرنا چاہئے سوائے اس کے کہ کوئی انتہائی مجبوری ہو اور مالک بڑا سخت ہو اور وہ رخصت نہ دے اور کوئی ذریعہ آمد نہ ہو اور پھر فاقے اور بھوک اور افلاس کی نوبت کے آنے کا خطرہ ہو تو اس صورت میں استثناء ہو سکتا ہے۔ یہ اضطراری حالت ہے اور اضطراری حالت میں تو حرام کھانے کی بعض دفعہ اجازت ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ اضطراری حالت بھی اگر مالکان کو احساس دلایا جائے تو عموماً نہیں ہوتی۔ چاہے وہ عیسائی بھی ہوں تو کچھ نہ کچھ وقت کی یا ایک جمعہ چھوڑ کر ایک جمعہ کی اجازت دے دیتے ہیں بلکہ ایسے بھی بہت سے احمدی ہیں جنہوں نے مجھے بتایا کہ انہوں نے جمعہ کی چھٹی نہ ہونے کی وجہ سے اپنی نوکری چھوڑی تو اللہ تعالیٰ نے پہلے سے بہتر انتظام کر دیا۔

پس یہ بات اگر ہم پیش نظر رکھیں کہ ہم نے جمعہ کو اہمیت دینی ہے اور پھر دعا بھی کریں کہ اگر بعض سخت حالات ہیں اور جمعہ ضائع ہو رہا ہے اللہ تعالیٰ آسانیاں پیدا فرمائے تو اللہ تعالیٰ درد دِل سے کی گئی دعاؤں کو قبول فرماتے ہوئے انتظام بھی فرما دیتا ہے اور آسانیاں بھی پیدا فرما دیتا ہے۔

جیسا کہ میں نے کہا عورتوں کا پہلے ذکر ہو چکا ہے۔ اسی طرح چھوٹے بچوں کو بھی جمعہ پر نہیں لانا چاہئے کیونکہ اس سے دوسرے نمازیوں کی نماز ڈسٹرب ہوتی ہے۔ بعض مرد لے آتے ہیں انہیں بھی احتیاط کرنی چاہئے کہ نہ لائیں یا پھر اگر لے آئے ہیں تو پھر ان کو بچوں کے حصے میں بٹھائیں یا خود بچوں کے حصے میں بیٹھیں۔

بہرحال یہ چار استثناء ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائے ہیں۔ ان کے علاوہ ہر ایک پر جمعہ کی نماز پر آنا فرض ہے اور جمعہ والے دن خاص اہتمام کرنا فرض ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جو آخری کامل اور مکمل شریعت لے کر آئے تھے وہ تعلیم لے کر آئے تھے جو بندے کو خدا تعالیٰ سے ملاتی ہے۔ آپ اپنے ماننے والوں کے بہت بلند روحانی معیار دیکھنا چاہتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف طریقوں سے ہمیں اس طرف توجہ دلائی کہ انسان کو کس طرح اپنے گناہوں سے بچنے

ارشادِ نبوی ﷺ

اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیۡن

(نماز دین کا ستون ہے)

طالب دُعا از: اراکین جماعت احمدیہ ممبئی

آٹو ٹریڈرز
AUTO TRADERS
16 مینگو لین کلکتہ 70001
دکان: 2248-5222 , 2248-16522243-0794
رہائش:: 2237-0471, 2237-8468

کلام الامام

”یاد رکھو تدبیر بھی ایک مخفی عبادت ہے اس کو حقیر مت سمجھو اسی سے وہ راہ کھل جاتی ہے جو بدیوں سے نجات پانے کی راہ ہے۔“

(ملفوظات جلد 4 صفحہ 201)

طالب دُعا: قریشی محمد عبداللہ تیاپوری مع فیملی۔ صدر و امیر ضلع جماعت احمدیہ گلبرگہ، کرناٹک

کی کوشش کرنی چاہئے۔ کس طرح خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا چاہئے۔ کس طرح اپنی نیکیوں کو مستقل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ کس طرح اپنے مقصد پیدائش کا حق ادا کرنا چاہئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پانچ نمازیں، جمعہ اگلے جمعے تک اور رمضان اگلے رمضان تک ان کے درمیان ہونے والے گناہوں کا کفّارہ بن جاتے ہیں جبتک کہ انسان بڑے بڑے گناہوں سے بچتا رہے۔

(صحیح مسلم کتاب الطہارۃ باب الصلوات الخمس والجمعۃ الی الجمعۃ ورمضان الی رمضان مکفرات...... 551)

پس یہ ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمارے لئے رہنمائی جو نہ صرف گناہوں سے بچاتی ہے بلکہ ان کی بخشش اور سامان بنتی ہے بلکہ روحانیت میں بھی بڑھاتی ہے۔ جو شخص حقیقی رنگ میں ایک نماز کے بعد اگلی نماز کی فکر کرے گا تو کوئی گناہگار ظالم، دوسروں کے حقوق غصب کرنے والا تو یہ فکر نہیں کرے گا کہ میں نے اگلی نماز پر جانا ہے اور اگلی نماز کی تیاری کرنی ہے کہ نماز پڑھ کے آئے اور پھر گناہوں میں مبتلا ہو گئے یا لوگوں کے حقوق غصب کرنے لگ گئے یا دوسروں پر ظلم کرنے لگ گئے اور اگر کوئی ایسا ہے جو اس طرح کرتا ہے تو اس کی نماز، نماز نہیں اور پھر وہ گناہ کبیر کا مرتکب ہو رہا ہے۔ غاصب اگر کوئی ہے تو پھر اس کی نماز خدا تعالیٰ کے لئے نہیں ہے اپنے گناہوں کو سامنے رکھتے ہوئے نہیں ہے۔ کوئی ایسے نمازی ہیں تو وہ ان نمازیوں میں شامل ہو جاتے ہیں جن کی نمازیں ان کے لئے ہلاکت کا موجب بن جاتی ہیں اور قرآن شریف کے مطابق ان کے منہ پر ماری جاتی ہیں اور پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ نمازیں فرما کر اس طرف بھی توجہ دلا دی کہ یہ پانچ نمازیں تم پر فرض ہیں اور ان کو ان تمام لوازمات کے ساتھ ادا کرنا تم پر فرض ہے جو اللہ تعالیٰ نے بتائے ہیں۔ اسی طرح جمعہ کی طرف توجہ دلائی کہ جمعہ میں شامل ہو کر جن برکات سے اور امام کے خطبہ سے تمہارے اندر جو نیکی کا احساس پیدا ہوا ہے اس کو اگلے جمعہ تک قائم رکھنا ہے۔ جو باتیں اس میں ہوئیں ان پر عمل کرنے کی کوشش کرنی ہے۔ اور اگر یہ ہوگا تو پھر ایک جمعہ سے اگلا جمعہ تمہیں برائیوں سے نجات دے گا۔ تمہارے گناہوں کی بخشش کے سامان کرے گا۔ یہاں بھی ایک جمعہ سے اگلا جمعہ فرما کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر جمعہ کی فرضیت اور اہمیت واضح فرما دی۔ پھر اسی طرح رمضان کی اہمیت بیان فرمائی۔ تو نیکی پر قائم رہنا اور ایک تسلسل سے قائم رہنا ہی انسان کو گناہوں سے بچاتا ہے۔

پس نمازوں کے حق ادا کرنا بھی ضروری ہے۔ جمعوں کی ادائیگی باقاعدگی سے کرنا بھی ضروری ہے۔ اور رمضان سے بھی ان شرائط کے ساتھ فیض پانا گناہوں کا کفّارہ بنتا ہے اور نیکیوں میں بڑھاتا ہے جو شرائط اللہ تعالیٰ نے رمضان کے روزوں کے لئے رکھی ہیں۔ اگر حقیقی تقویٰ پر چلنا ہے تو ان چیزوں کی بہرحال پابندی کرنی ہوگی۔ خدا تعالیٰ کا قرب اگر حاصل کرنا ہے تو ان کا پابند ہونا ہوگا۔ گناہوں کی بخشش کے سامان کرنے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے ہمیں جو رستہ بتایا اس کے مطابق عمل کرنا ہوگا۔ ان چیزوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایک روزانہ کا لائحہ عمل بھی دے دیا۔ ایک ہفتہ وار لائحہ عمل بھی دے دیا اور ایک سالانہ لائحہ عمل بھی بتا دیا جو انسان کی روحانی اصلاح کے لئے ضروری ہے۔ اور جو اِن درجوں سے گزرتے ہوئے آگے بڑھے گا وہ خدا تعالیٰ کی مغفرت اور بخشش کا حامل ہوگا۔ پس ان باتوں سے مزید روشن ہو کر واضح ہو گیا کہ جمعہ کی کیا اہمیت ہے۔

سال کے بعد روحانی بہتری کے پروگرام میں خدا تعالیٰ نے رمضان کا مہینہ رکھا ہے، جمعۃ الوداع نہیں رکھا کہ سال کے بعد رمضان کا ایک جمعہ پڑھ لو بلکہ رمضان کا پورا مہینہ رکھا ہے۔

جمعہ کی برکات سے فیض پانے کے لئے یا فیض اٹھانے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر سات دن کے بعد آنے والے جمعہ کو ہی اہم اور بخشش کا ذریعہ قرار دیا۔ پس ہر آنے والا جمعہ ہمارے لئے یہ گواہی دینے والا ہونا چاہئے کہ ہم نے اللہ تعالیٰ کے خوف سے یہ دن گزارے اور کوئی ایسا عمل نہیں کیا جو خدا تعالیٰ کو ناراض کرنے والا ہو یا جان بوجھ کر ایسا عمل نہیں کیا جو خدا تعالیٰ کی ناراضگی کا مورد بنائے تو پھر اللہ تعالیٰ چھوٹی موٹی غلطیوں اور کوتاہیوں کو، کمیوں کو معاف فرما دیتا ہے۔ ہر جمعہ اللہ تعالیٰ کے حضور یہ گواہی دیتا ہے کہ اس بندے نے عموماً ڈرتے ڈرتے یہ دن گزارنے کی کوشش کی ہے۔ اسی طرح روزانہ کی نمازیں ہیں جو اگر خدا تعالیٰ کی رضا کو سامنے رکھتے ہوئے ادا کی جائیں گی تو ہمارے حق میں گواہی دیں گی اور یہی حال رمضان کے روزوں کا ہے۔ کفّارہ کا مطلب یہی ہے کہ ان عبادتوں کی گواہیاں ہمارے حق میں ہو کر ہمارے لئے بخشش کے سامان بن جائیں گی۔

پھر جمعہ کی اہمیت اور اس کی خوبصورتی کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جگہ یوں فرمایا کہ دنوں میں سے بہترین دن جمعہ کا دن ہے اس دن مجھ پر زیادہ درود بھیجا کرو کیونکہ اس دن تمہارا یہ درود میرے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ (سنن ابی داؤد کتاب الصلوۃ باب تفریع ابواب الجمعۃ 1047)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا اللہ تعالیٰ کا ہمیشہ کا حکم ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا بھی حکم ہے۔ تو یہ درود آپ کے سامنے پیش کیا جانا بھی ہمیشہ کے لئے ہے۔ یہ نہیں کہ جب آپؐ نے فرمایا تو آپؐ کی زندگی کے لئے تھا۔

پس یہ جمعہ کی ایک اور جاری برکت ہے۔ کہیں نہیں آیا کہ جمعۃ الوداع کو درود پیش کیا جائے گا بلکہ ہر جمعہ کو یہ پیش کیا جاتا ہے۔ ہم میں سے خوش قسمت ہیں وہ جو اس فیض سے فیض اٹھاتے ہیں اور ان درود بھیجنے والوں میں شامل ہو کر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے وارث بنتے ہیں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

پس یہ جمعوں کی برکات ہیں جن کے حصول کے لئے ہم میں سے ہر ایک کو کوشش کرنی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ بھی بڑا نوازنے والا ہے۔ وہ فرماتا ہے کہ جب تم جمعہ کی اہمیت کو سامنے رکھتے ہوئے اس کا حق ادا کر لو، اپنے کاروباروں اور اپنی مصروفیات کو جمعہ کی وجہ سے خدا تعالیٰ کے فضلوں کو حاصل کرنے کے لئے پس پشت ڈال دو تو تم روحانی طور پر تو ترقیات حاصل کرنے والے بنو گے لیکن مادی فضلوں سے بھی محروم نہیں رہو گے۔ جمعے کی نماز کے بعد اپنے کاروباروں کی طرف جاؤ اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو تلاش کرو۔ جو دوسری آیت ہے اس میں یہی فرمایا۔ اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں میں برکت ڈالے گا۔

پس یہ بھی ضمانت ہے کہ خدا تعالیٰ کے فضل سے ہی کام میں برکت پڑتی ہے۔ اگر اس کی خاطر جمعہ کے تھوڑے سے وقت کے لئے قربانی کرو گے تو کاروباروں میں برکت پڑے گی اور اس کے فضلوں کو حاصل کرنے والے بنو گے اور جب خدا تعالیٰ کی خاطر کچھ دیر کے لئے اپنے کام کا حرج کرو گے تو اللہ تعالیٰ سب کاموں کو سنوارنے والا اور سب طاقتوں کا مالک ہے۔ وہ تمہارے جو دنیاوی اور مادی نقصانات ہیں ان کو بھی پورا کرنے والا ہے اور ان کاروباروں میں برکت ڈال کر اپنے فضلوں سے نوازنے والا ہے۔ گویا یہ بھی فرما دیا کہ ایک مومن کا دنیا کمانا بھی اللہ تعالیٰ کے فضلوں میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ دنیا کمانے سے منع نہیں کرتا لیکن جو معین جگہ ہے، اور کسی کام کے کرنے کا جو معین وقت ہے اس پر اس کو کرنے اور انجام دینے کی طرف توجہ دلاتا ہے۔

پس ان فضلوں کو حاصل کرنے کے لئے تم نے جو محنت اور کوشش کرنی ہے جمعہ کی نماز کے بعد کرو اور اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور فضلوں سے حصہ لو۔ لیکن یاد رہے کہ دنیاداری کے ان کاموں کے باوجود خدا تعالیٰ کو نہ بھولنا۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ نے فرما دیا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے اپنی زبانوں کو تر رکھو۔ دنیاوی کاروبار بھی اللہ تعالیٰ کی منشاء اور احکامات کے مطابق ہوں۔ کوئی دھوکہ، فریب، جھوٹ، سستی، کاہلی نہ ہو۔ اگر یہ چیزیں کاروباروں اور کاموں میں تمہارے ساتھ ہیں تو تب بھی گناہگار ہو رہے ہو۔ اللہ تعالیٰ کی یاد کو بھلا رہے ہو۔ اللہ تعالیٰ کا ذکر تمہیں ان چیزوں سے بچانے والا ہونا چاہئے۔

جیسا کہ گزشتہ خطبہ میں بھی ذکر ہوا تھا کہ ہر کام کرتے وقت یہ خیال رہے کہ خدا تعالیٰ مجھے دیکھ رہا ہے اور جب یہ خیال رہے گا تو خدا تعالیٰ کے ذکر کا بھی حق ادا ہوگا اور جو اپنی ذمہ داریاں ہیں ان کا بھی حق انسان صحیح طرح ادا کر سکے گا۔ پس آج کا یہ دن اگر اہم بنانا ہے تو اس لحاظ سے اہم بنانے کی ہمیں کوشش کرنی چاہئے کہ ہم آج یا کل ایک سال کے لئے رمضان کی عبادت سے تو نکل رہے ہیں لیکن جمعہ کی عبادت سے ایک سال کے لئے نہیں نکل رہے بلکہ اگلا جمعہ بھی اسی طرح ہمارے لئے اہم ہے جس طرح آج کا جمعہ۔ اور جو کمزوریاں اور کمیاں ہمارے اندر ماضی میں تھیں آئندہ کے لئے ان کو دُور کرنے کا ہم عہد کرتے ہیں۔ اگر یہ سوچ ہوگی تو ہم جمعہ کو وداع نہیں کر رہے ہوں گے بلکہ اپنی برائیوں، اپنی کمزوریوں، اپنی کوتاہیوں اور اپنی سستیوں کو وداع کرتے ہوئے ان سے ہمیشہ کے لئے بچنے کے لئے خدا تعالیٰ کی پناہ میں آنے کی کوشش کر رہے ہوں گے۔ اور رمضان کی برکات سے بھی فائدہ اٹھانا یہی ہے کہ جن نیکیوں کی ہمیں رمضان میں توفیق ملی ہے ان میں سے اگر اضافہ کرتے ہوئے نہیں تو کم از کم ان پر قائم رہتے ہوئے ہم اگلے رمضان کا استقبال کریں۔

پس نہ ہم یہ سوچ رکھنے والے ہوں کہ ہم نے جمعہ کو وداع کیا، نہ ہم یہ سوچ رکھنے والے ہوں کہ ہم نے رمضان کو وداع کیا، نہ ہمیں یہ خیال آئے کہ ہم نے اپنی عبادتوں کو وداع کیا جن کا لطف رمضان کے دوران ہم نے اٹھایا۔ اگر کبھی یہ سوچ کسی کے دل میں پیدا ہوتی ہے تو وہ اپنے مقصد پیدائش سے دور چلا جاتا ہے اور جو مقصد پیدائش سے دور ہے وہ تقویٰ سے دور ہے اور جو تقویٰ سے دور ہے وہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو حاصل کرنے والا نہیں ہو سکتا۔ گویا رمضان میں جو کچھ ہم نے حاصل کرنے کی کوشش کی تھی اسے خود ہی ہم نے ضائع بھی کر دیا اور جس کامیابی اور اخلاص کا، جس کامیابی اور فلاح کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا تھا اس سے ہم محروم ہو گئے۔ روزے کے بارے میں جو آیات ہیں ان میں اللہ تعالیٰ نے روزے کے حکم اور روزے کے دوسرے احکامات کے بجالانے کا

Prop. Md. Mustafa Late Abdul Qadeer Laadji Yadgir (K.A)
09845924940, 09986253320



BHARAT BATTERIES
SHAHPUR-KARNATAKA
Mfrs of: BHARAT BATTERY & BHARAT PLATES
Spl: In: All kinds of Batteries
Opp. Bajaj Show Room, B.B.ROAD, Shahpur- 585 233, Yadgir, Karnataka
طالب دعا: محمد مصطفی مع فیملی وافراد خاندان

کلام الامام

"حقیقی تقویٰ اور طہارت کے حاصل کرنے کے واسطے اوّل یہ ضروری شرط ہے کہ جہاں تک بس چلے اور ممکن ہو تدبیر کرو۔"

(ملفوظات جلد 4 صفحہ 202)

طالب دُعا: حفیظ احمد الہ دین، منیجر ہفت روزہ اخبار بدر قادیان مع فیملی وافراد خاندان

نتیجہ تقویٰ بتایا ہے۔ پس ہمیں آج اس کے جائزے لینے کی ضرورت ہے کہ کیا ہم نے اس نتیجے کو حاصل کرلیا ہے یا نہیں؟ یا کم از کم ہم نے اس کوشش میں کچھ قدم بڑھائے ہیں کہ نہیں۔ اور کیا یہ عہد کیا ہے کہ ہم نے رمضان میں جو حاصل کیا ہے اس پر ثابت قدم رہنے اور اسے آگے بڑھانے کی کوشش کرتے رہیں گے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ہمیں تقویٰ اور اس کی باریکیوں کے بارے میں بڑی تفصیل سے سمجھایا ہے۔ ایک جگہ آپ نے فرمایا کہ ’’بار بار قرآن شریف کو پڑھو اور تمہیں چاہئے کہ بُرے کاموں کی تفصیل لکھتے جاؤ‘‘ قرآن کریم نے جن کاموں کو بُرا کہا ہے ان کی تفصیل لکھتے جاؤ۔ اور پھر خدا تعالیٰ کے فضل اور تائید سے کوشش کرو کہ ان بدیوں سے بچتے رہو۔ یہ تقویٰ کا پہلا مرحلہ ہوگا۔‘‘

(ملفوظات جلد 8 صفحہ 376۔ ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

برائیوں سے بچنا تقویٰ کا پہلا مرحلہ ہوگا۔ پس رمضان کے دنوں میں ہم نے درس بھی سنے۔ اور ہم میں سے بہت سوں نے خود بھی قرآن کریم پڑھنے کی کوشش کی اور سمجھنے کی کوشش کی۔ بدیوں کا بھی پتا لگا۔ نیکیوں کا بھی پتا چلا اور ابھی نیکیوں کے کرنے کا مرحلہ تو بعد کی بات ہے آپ فرما رہے ہیں کہ تقویٰ کا پہلا مرحلہ یہ ہے کہ قرآن کریم کی برائیوں کی فہرست بنا کر ان سے بچنے کی کوشش کرو۔ اور برائیوں سے بچنے کی یہ کوشش اور ان سے بچنا انسان کو تقویٰ کے پہلے مرحلے میں لاتا ہے۔

فرمایا کہ بیشک برائیوں سے بچنا اچھی بات ہے لیکن یہ نیکی کا پہلا حصّہ ہے۔ یہ تقویٰ کا پہلا مرحلہ ہے۔ نیکی اس پر ختم نہیں ہوجاتی۔

آپ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اتنی سی بات نہیں جس سے وہ راضی ہو جاوے۔ بدیوں سے بچنا چاہئے اور اس کے مقابل نیکی کرنی چاہئے۔ اس کے بغیر مخلصی نہیں۔ (اگر نہیں کروگے تو یہ نہ سمجھ لو کہ بدیوں سے بچ کر میں نے تقویٰ حاصل کرلیا۔ اس لئے اگر خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا ہے تو نیکیاں بجالائے بغیر جان نہیں چھوٹے گی۔ بہرحال کرنی پڑیں گی۔ فرمایا کہ) جو اس پر مغرور ہے کہ وہ بدی نہیں کرتا۔ (بعض لوگوں کو بڑا فخر ہے کہ ہم بدی نہیں کرتے) وہ نادان ہے۔ اسلام انسان کو اس حد تک نہیں پہنچاتا اور چھوڑتا بلکہ وہ دونوں شقیں پوری کرانا چاہتا ہے۔ یعنی بدیوں کو تمام کمال چھوڑ دو۔ (اپنی بدیوں اور برائیوں کو مکمل طور پر چھوڑ دو۔) اور نیکیوں کو پورے اخلاص سے کرو۔ (بدیوں کو مکمل طور پر چھوڑو اور نیکیوں کو پورے اخلاص سے کرو۔ فرمایا کہ) جب تک یہ دونوں باتیں نہ ہوں نجات نہیں ہوسکتی۔ (ماخوذ از ملفوظات جلد 8 صفحہ 377۔378)

پس یہ رمضان بھی اور جمعہ بھی اور ہماری عبادتیں بھی ہمیں اس طرف توجہ دلانے والی ہونی چاہئیں کہ ہم نے جہاں تقویٰ کے پہلے مرحلے میں بدیوں کو مکمل طور پر چھوڑنا ہے یا چھوڑا ہے وہاں تقویٰ کے اگلے مرحلے پر چلتے ہوئے تمام نیکیوں کو پورے اخلاص سے ادا کرنا ہے۔

آپ نے ایک جگہ فرمایا یہ کوئی نیکی نہیں ہے کہ نمازوں کی مثلاً مجھے عادت پڑگئی اور نماز پڑھنے کے بعد وہیں مسجد میں بیٹھ کر ایک دوسرے کی برائیاں شروع کردیں یا ایسی باتیں کرنے لگ گئے جن کا نیکیوں سے کوئی تعلق نہیں۔ تو یہ تو تم نے پہلا مرحلہ بھی طے نہیں کیا۔ (ماخوذ از ملفوظات جلد 8 صفحہ 376)

پس جمعہ کے دن جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق قبولیت دعا کی ایک گھڑی ہوتی ہے۔ جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ کے دن ایک ایسی گھڑی بھی آتی ہے جب قبولیت دعا ہوتی ہے۔ (صحیح البخاری کتاب الجمعۃ باب الساعۃ التی فی یوم الجمعۃ 935)۔ پہلے مَیں اس کے بارے میں بتا چکا ہوں۔ یہ دعا بھی خاص طور پر ہمیں کرنی چاہئے کہ رمضان ہماری بدیوں سے ہمیں مکمل طور پر نجات دلاتا ہوا اور ہمیں نیکیوں کو پورے اخلاص کے بجالانے کی توفیق دیتا ہوا ہمیں چھوڑے اور ہم حقیقی تقویٰ پر چلنے والے ہوں۔ ہم حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعثت کے مقصد کو پورا کرنے والے ہوں اور اسلامی تعلیمات کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنا کر اس خوبصورت تعلیم کو دنیا کو بتائیں کہ یہی دین ہے جو بندے کو زندہ خدا سے ملاتا ہے اور یہی دین ہے جو ایک دوسرے کے حقوق کی ادائیگی کی طرف بہترین رنگ میں ہدایت فرماتا ہے اور توجہ دلاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔

یہ بھی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مشکلات میں گھرے ہوئے تمام احمدیوں کو بھی ان کی مشکلات سے نکالے اور جو کسی بھی رنگ میں پریشانیوں میں مبتلا ہیں ان کی پریشانیاں ختم ہوں۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ اُمّت مسلمہ کو بھی توفیق دے کہ وہ زمانے کے امام کو مان کر دکھوں اور پریشانیوں سے باہر نکلیں۔ ایک دوسرے پر جو ظلم کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھ ان ظلموں سے روکے اور اسلام اپنی حقیقی شان کے ساتھ ہر مسلمان ملک سے دنیا پر ظاہر ہو۔

★★★

افسوس مکرم مولوی خورشید احمد صاحب پربھاکر درویش قادیان وفات پاگئے

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

افسوس مکرم مولوی خورشید احمد صاحب پربھاکر درویش قادیان مورخہ 28 جولائی 2015 بروز منگل بوقت فجر تقریباً ایک ماہ کی علالت کے بعد 94 سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ اگلے روز مورخہ 29 جولائی بروز بدھ بعد نماز عصر محترم مولانا محمد انعام غوری صاحب ناظر اعلیٰ و امیر جماعت احمدیہ قادیان نے جنازہ گاہ بہشتی مقبرہ میں آپ کی نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ کے قطعہ درویشان میں آپ کی تدفین عمل میں آئی بعد تدفین محترم امیر صاحب نے دعا کرائی۔ مختلف سیاسی سماجی اور مذہبی تنظیموں کے افراد نے آپ کی وفات پر افسوس کا اظہار کیا اور آپ کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔ سیّدنا حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ فرمودہ 31 جولائی 2015 میں آپ کی وفات کی اطلاع دیتے ہوئے فرمایا:

’’نماز کے بعد میں ایک جنازہ غائب بھی پڑھاؤں گا جو ایک ہمارے درویش بھائی کا ہے مکرم مولوی خورشید احمد صاحب پربھاکر ابن مکرم چوہدری نواب دین صاحب۔ 28 جولائی 2015ء کو 94 سال کی عمر میں ان کی وفات ہو گئی۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ آپ لائلپور، یہ فیصل آباد کہلاتا ہے آجکل، اس کے ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔ پیدائشی احمدی تھے 1936ء میں پندرہ سال کی عمر میں پہلی بار قادیان کی زیارت کے لئے آئے اور مسجد مبارک کی چھت پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک مجلس سوال و جواب میں شامل ہوئے۔ واپسی کا کرایہ پورا نہ ہونے کی وجہ سے قادیان سے امرتسر اور وہاں سے لاہور تک قریباً 95 کلومیٹر کا فاصلہ پیدل طے کیا۔ 19 سال کی عمر میں نظام وصیت میں شامل ہوگئے۔ 1937ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں لکھا کہ تحریک جدید کی شمولیت کی میعاد دسمبر 1936ء میں ختم ہوچکی ہے میں اس وقت طالبعلم تھا اب مجھے کچھ آمد ہے مجھے بھی استثنائی طور پر تحریک جدید میں حصہ لینے کی اجازت دی جائے۔ اس پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے آپ کو اور ان تمام بیروزگار طلباء کو جو برسر روزگار ہو گئے تھے اجازت مرحمت فرمائی۔ پھر مولوی خورشید احمد صاحب پربھاکر نے سندھ میں بھی جماعتی زمینوں پر کام کیا۔ 1947ء کے شروع میں زندگی وقف کر کے قادیان پہنچ گئے۔ اسی سال ہندوستان تقسیم ہوا جس کے نتیجہ میں درویشی کی سعادت نصیب ہوئی۔ دور درویشی کو انتہائی صبر اور شکر اور وفا کے ساتھ نبھایا۔ دیہاتی مبلغ کے طور پر بھارت کے صوبہ یوپی میں دعوت و تبلیغ کا کام بہت اچھے رنگ میں کیا۔ میدان تبلیغ سے واپس قادیان آنے کے بعد تعلیم الاسلام ہائی سکول اور مدرسہ احمدیہ قادیان میں بطور استاد خدمت کی توفیق پائی۔ نظارت دعوت تبلیغ کے تحت تین سال تک ہندی کی تعلیم حاصل کی اور رتن بھوشن اور پربھاکر ہندی کی تین ڈگریاں حاصل کیں۔ وید بائبل گیتا گرو گرنتھ صاحب کا اچھا مطالعہ رکھتے تھے۔ ہندو ازم سکھ ازم اور عیسائی ازم پر تحقیقی مضامین لکھتے رہے اور قرآن کریم کا ہندی ترجمہ کرنے کی بھی سعادت حاصل ہوئی۔ ہفت روزہ اخبار بدر قادیان میں آپ کے مضامین اس وقت سے طبع ہونے شروع ہوئے جب 1952ء میں تقسیم ملک کے بعد اخبار دوبارہ جاری ہوا اور یہ سلسلہ 2013ء تک جاری رہا۔ گویا یہ سلسلہ مضامین ساٹھ سال پر محیط ہے۔ اس کے علاوہ سلسلے کے دیگر رسائل جن میں مشکوۃ راہ ایمان شامل ہیں ان میں بھی وقتاً فوقتاً آپ کے مضامین شائع ہوتے رہے۔ نیز دیگر ملکی اخبارات میں بھی آپ کے مضامین شائع ہوتے رہے جن میں روزنامہ ہند سماچار ملاپ اور کشمیر کے اخبارات شامل ہیں۔ مرحوم کا ایک کتابچہ حکومت وقت اور احمدی مسلمان‘ 1963ء میں نظارت دعوت و تبلیغ کے تحت شائع ہوا اور بہت مقبول ہوا۔ آپ کے مضامین اور نظمیں اعلیٰ پائے کی ہوتی تھیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے بھی ان کی بڑی تعریف کی اور واقعی پڑھنے میں پتا لگتا تھا کہ دل سے نکل رہی ہے، علمی مضامین ہوتے تھے۔ آپ بہت خوددار انسان تھے۔ کبھی کسی کا محتاج بننا پسند نہیں کیا اپنا کام خود کرتے رہے۔ علمی کاموں کے ساتھ ساتھ بچوں کو ساتھ لے کر زمینداری اور مویشیوں کے پالنے کا کام بھی جاری رکھا اور صاحب جائیداد ہو کر بچوں کے لئے ذاتی رہائش کا انتظام کر کے جماعتی مکان انجمن کو واپس کر دیا۔ یہ بہت بڑا نمونہ ہے ان کا۔ سخت بیماری کے ایام میں بھی باقاعدگی سے نماز ادا کرتے رہے مسجد میں۔ موصوف کو سچی خوابیں آتی تھیں جو آپ خلفاء کرام کو لکھتے اور بھیجتے رہے۔ وفات سے ایک ماہ قبل اپنے چھوٹے بیٹے ابراہیم کو اپنی وفات کا بتا دیا تھا اور پھر ایک ہفتہ قبل یاددہانی بھی کروائی۔ آپ کی دو شادیاں ہوئیں پہلی شادی محترمہ عالم بی بی صاحبہ سے 1944ء میں ہوئی جس سے آپ کا ایک بیٹا منیر احمد پاکستان میں ہے دوسری شادی 1956ء میں عائشہ بیگم صاحبہ بنت عبدالرزاق صاحب آف ہبلی کرناٹک سے ہوئی جن سے اللہ تعالیٰ نے پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں عطا کیں۔ ان کے بیٹوں میں اسرائیل احمد، کرشن احمد، ابراہیم احمد، اور داماد شکیل احمد اور محمود احمد صاحب سلسلے کی خدمت کی توفیق پا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور ان کی اولادوں کو اور نسلوں کو بھی خلافت سے اور جماعت سے وابستہ رہنے کی ہمیشہ توفیق عطا فرماتا رہے۔‘‘

نماز جمعہ کے بعد حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ (ادارہ)

J.K. Jewellers - Kashmir Jewellers

جے کے جیولرز۔ کشمیر جیولرز
چاندی اور سونے کی انگوٹھیاں خاص احمدی احباب کیلئے

Shivala Chowk Qadian (India)
Ph. (S) 01872 -224074, (M) 98147-58900,
E-mail: jk_jewellers@yahoo.com
Mfrs & Suppliers of : Gold and Silver Diamond Jewellery

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نسخہ
ملنے کا پتہ: دُکان چوہدری بدرالدین عامل صاحب درویش مرحوم
احمدیہ چوک قادیان ضلع گورداسپور (پنجاب)
سرمہ نور۔ کاجل۔ حبّ اٹھرہ (شادی کے بعد اولاد سے محروم کیلئے) زدجام عشق (اعصابی کمزوری وشوگر کیلئے) رابطہ کریں۔

رابطہ: عبدالقدوس نیاز
098154-09445

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورہ جرمنی مئی، جون 2015ء

۞ میں یہ بھی واضح کرنا چاہتا ہوں کہ جب احمدی مسلمان امن، تحفظ اور ’’محبت سب کیلئے‘‘ کا پرچار کرتے ہیں تو یہ کوئی نئی بات پیش نہیں کرتے بلکہ اسلام کی سچی تعلیمات کا ہی اظہار کرتے ہیں اسلام ہر پہلو سے امن، ہم آہنگی، برداشت اور محبت کا مذہب ہے۔ یقیناً یہ اسلامی تعلیمات ہی ہیں جن کے باعث احمدی تمام اقوام کیلئے خواہ وہ مسلمان ہوں یا غیر مسلم محبت کے جذبات رکھتے ہیں۔

۞ آپ ﷺ نے تعلیم دی ہے کہ حقیقی امن کے قیام کیلئے بنی نوع انسان کو اپنے خالق کی پہچان اور اس کے در پر سرنگوں کرنا ہوگا۔

۞ ہم احمدی نہ ہمت ہارتے ہیں اور نہ ہی مایوس ہوتے ہیں، ہم پختہ یقین رکھتے ہیں کہ ہم کامیاب ہوں گے اور ایک دن دُنیا پر اسلام کی حقیقت کا سورج ضرور طلوع ہوگا اور ہر ملک و قوم کے افراد اس کی خوبصورت تعلیمات سمجھیں گے۔

(سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا غیر احمدی جرمن مہمانوں سے خطاب)

❁ یہاں آکر میں اپنے جذبات کو بیان نہیں کرسکتا۔ ایسا روحانی نظارہ دیکھا ہے جس نے میری روح کی گہرائی تک اثر کیا ہے۔ اسلام کی صحیح تصویر مجھے یہاں نظر آئی ہے۔

(مصطفی جناح صاحب مراکش)

❁ یہ حسن اخلاق، یہ محبت جو جماعت میں رنگ و نسل کے فرق کے بغیر موجود ہے یہ انسانی کوششوں سے ممکن نہیں ہے سوائے اس کے کہ اس جماعت پر خدا کا ہاتھ ہے۔

(محمد لیاوی صاحب بیلجیم)

❁ مجھے اس جلسے کا سارا انتظام بالکل ایسا لگا ہے جیسے شہد کی مکھیوں کی ملکہ اور اس کے نیچے سارے انتظامات ہیں۔ (عبداللہ کلنانی صاحب بیلجیم)

❁ آج جب خلیفۃ المسیح کو دیکھا ہے تو خاص شخصیت معلوم ہوئے ہیں۔ ایسے لوگ دنیا میں زیادہ نہیں ملتے۔ ان سے ایک حکمت، سچائی اور ذہانت ظاہر ہوتی ہے۔ میں انسانوں کو جلد پہچان لیتا ہوں، خلیفہ ایک خاص انسان ہیں۔ (ڈاکٹر Valdis Steins صاحب Latvia)

❁ خلیفہ بہت ہی امن اور پیار والے معلوم ہوتے ہیں۔ جو بھی انہوں نے کہا سچ کہا اور اگر تمام انسان اس پر عمل کرنا شروع کردیں تو پوری دنیا میں امن پھیل جائے۔

(Heiko Fahnicke صاحب جرمنی)

❁ حضور انور خدا کے بندہ ہیں اور آپ نے میرے ایمان کو تقویت بخشی ہے۔ آج دنیا کو مسیح موعودؑ کی ضرورت ہے۔ حضور انور نے جو بھی پیغامات دیئے ہیں وہ دنیا کے ہر باشندہ کیلئے ہیں اور تشدد پسندی کے بالکل برعکس ہیں۔ آج حضور کی باتوں پر عمل کیا جائے تو دنیا میں امن قائم ہوجائے گا۔ (Sefer Bzigal صاحب بوسنیا)

❁ میں حضور انور کے وجود سے بہت متاثر ہوں اور آپ کیلئے میرے دل میں تعظیم ہے۔ آپ کا وجود ایک ایسا وجود ہے جس کی حفاظت کرنا ضروری ہے۔ دنیا کی دیگر مشہور شخصیات کی طرح آپ کو شہرت کی کوئی فکر معلوم نہیں ہوتی۔ پوپ کو جب دیکھا جائے تو وہ شہرت سے لذّت پاتا ہے مگر خلیفہ وقت میں یہ بات نظر نہیں آتی (Edith Feike صاحب ایک عیسائی ٹیچر)

(حضور پرنور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب سُننے کے بعد مہمانوں کے تاثرات)

- میں حضور انور کو ایم ٹی اے کی اسکرین پر تو دیکھتی تھی لیکن جب بالمشافہ دیکھا تو حضور انور کے چہرہ مبارک سے نور پھوٹتا ہوا دکھائی دیا اور بے ساختہ میری زبان سے نکلا ’’بخدا یہ انسان نہیں بلکہ کوئی فرشتہ ہے‘‘

(سعاد بنت زَرُوق صاحبہ مراکشی احمدی خاتون)

- مجھے اس جلسہ میں شمولیت کا موقع ملا اور یہاں میں نے ایسا اعلیٰ نظام، حسن انتظام، حسن استقبال و اکرام ضیف دیکھا جس کا میں یہاں آنے سے پہلے تصور نہ کرسکتا تھا

(ویلنسیا سپین کے ایک غیر از جماعت امام و خطیب مکرم احمد بن عبدالقادر بن محمد صاحب)

- میں نے احمدیوں میں اس حقیقی اسلام کی تصویر دیکھی جو نبی کریم ﷺ لے کر آئے تھے۔

(عریبا ابراہیم صاحب)

- بخدا جلسہ سالانہ خدا تعالیٰ کے نشانوں میں سے ایک نشان ہے اور بہت سے لوگ اس نشان کی عظمت سے غافل ہیں

(نابتی یاسین صاحب الجزائر)

---------------(رپورٹ: عبد الماجد طاہر، ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن)---------------

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مورخہ 6؍جون 2015 کی مصروفیات

پروگرام کے مطابق چار بجے سہ پہر سیّدنا حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جرمن مہمانوں کے ساتھ ایک پروگرام میں شرکت کیلئے مردانہ جلسہ گاہ تشریف لائے۔ جرمنی کے مختلف شہروں اور علاقوں سے آنے والے جرمن مہمانوں کے ساتھ یہ پروگرام کچھ وقت پہلے سے جاری تھا۔

اس پروگرام میں شامل ہونے والے مہمانوں کی تعداد 1488 تھی۔ جرمنی میں آباد مختلف قوموں سے تعلق رکھنے والے 445 مہمان اس پروگرام میں شامل ہوئے۔ اس کے علاوہ مختلف عرب ممالک کے 218 مہمان شامل ہوئے۔

علاوہ ازیں بلغاریہ، میسیڈونیا، ترکی، سربیا، بوزنیا، البانیا، کوسووو، اٹلی، سپین، بیلجیم، لتھوانیا، کروشیا، آسٹریا، ہالینڈ، فرانس، اسٹونیا ہنگری، مانٹینیگرو سے آنے والے مہمان شامل ہوئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی آمد پر اس پروگرام کا آخری سیشن تلاوت قرآن کریم اور اس کے جرمن ترجمہ کے ساتھ شروع ہوا۔

بعد ازاں چار بجکر پندرہ منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے انگریزی زبان میں خطاب فرمایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا جلسہ سالانہ جرمنی کے دوسرے روز غیر احمدی جرمن مہمانوں سے خطاب

تشہد و تعوذ کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ آپ سب امن وسلامتی سے رہیں اور آپ پر اللہ تعالیٰ کے فضل نازل ہوں۔

سب سے پہلے میں اپنے غیر احمدی مہمانوں کا دلی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جو ہماری جماعت کے ممبر نہ ہونے کے باوجود ہمارے جلسہ سالانہ میں شرکت کر رہے ہیں۔ آج میں اپنے خطاب میں بانی اسلام حضرت محمد ﷺ کی سیرت پر مختصر بات کروں گا اور وہ لازوال کوششیں جو آنحضرت ﷺ نے دنیا میں امن قائم کرنے کیلئے کیں، ان پر روشنی ڈالوں گا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
ممکن ہے کہ یہ سن کر آپ حیران ہوں کہ آجکل تو بہت سے نام نہاد مسلمان دنیا کا امن تباہ کر رہے ہیں اور اپنے انتہا پسند اقدامات کو قرآن کریم اور آنحضرت ﷺ کی ذات سے منسوب کر رہے ہیں۔ جہاں وہ نہایت سفا کی سے فساد اور دہشت پھیلا رہے ہیں وہاں یہ بھی دعویٰ کر رہے ہیں کہ ان کے اعمال اسلام کی سچی تعلیمات پر مبنی ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
آپ یہ سن کر مزید حیران ہوں گے کہ یہ نام نہاد مسلمان جو فساد اور انتہا پسندی پھیلا رہے ہیں، ان کو دیکھ کر میرا اور یقیناً ہر احمدی کا اسلام پر ایمان اور بھی بڑھ جاتا ہے۔ شاید آپ اس بات سے پریشان بھی ہوں اور حیران بھی کہ دوسرے مسلمانوں کی جانب سے انتہا پسند اقدامات سے ایک احمدی مسلمان کا ایمان کیسے بڑھ سکتا ہے۔ عین ممکن ہے کہ یہ بات آپ کو سوچنے پر بھی مجبور کر دے کہ احمدی مسلمان بھی دوسرے مسلمانوں کی طرح ہیں جو انتہا پسندی کو فروغ دیتے ہیں۔ لیکن یہ خیال اور اندازہ کلیۃً غلط ہوگا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
پس، پہلے تو میں یہ واضح کر دوں کہ احمدی مسلمان دنیا میں امن کو فروغ دینے کیلئے اپنی کوششوں میں انتہائی مخلص ہیں اور ہمیشہ کوشش کرتے ہیں کہ وہی کام کریں جس کا وہ پرچار کرتے ہیں۔ ہمارے ظاہر و باطن میں کوئی تضاد نہیں ہے۔ ہم اُنہی تعلیمات کے مطابق زندگیاں بسر کرتے ہیں جنہیں ہم اپنے دلوں میں سچی اسلامی تعلیمات سمجھتے ہیں۔ میں یہ بھی واضح کرنا چاہتا ہوں کہ جب احمدی مسلمان امن، تحفظ اور ''محبت سب کیلئے'' کا پرچار کرتے ہیں تو یہ کوئی نئی بات پیش نہیں کرتے بلکہ اسلام کی سچی تعلیمات کا ہی اظہار کرتے ہیں اسلام ہر پہلو سے امن، ہم آہنگی، برداشت اور محبت کا مذہب ہے۔ یقیناً یہ اسلامی تعلیمات ہی ہیں جن کے باعث احمدی تمام اقوام کیلئے خواہ وہ مسلمان ہوں یا غیر مسلم محبت کے جذبات رکھتے ہیں اور یہ صرف اسلام ہی ہے جس کی وجہ سے ہم دنیا میں حقیقی امن چاہتے ہیں اور اس مقصد کو حاصل کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
میں نہیں چاہتا کہ آپ کو اس ظاہری تضاد اور مخمصے کی وجہ سے غیر ضروری طور پر پریشانی اور تشویش میں مبتلا رکھوں یعنی ایک طرف احمدی مسلمان دوسرے مسلمانوں کے انتہا پسند اقدامات کی مذمت کرتے ہیں اور دوسری طرف یہ کہتے ہیں کہ ایسے انتہا پسند اقدامات ان کے ایمان میں تقویت کا باعث ہیں۔ اس کو واضح کرنے اور سمجھانے کیلئے میں آپ کو 1400 سال قبل بانی اسلام حضرت محمد ﷺ کے دور میں لیجانا چاہتا ہوں اُس دور میں آنحضرت ﷺ نے مستقبل کے بارے میں ایک عظیم الشان پیشگوئی فرمائی تھی۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تھا کہ مسلمانوں پر روحانی تاریکی کا ایک دور چھا جائیگا اور وہ ایمان سے کلیۃً عاری ہو جائیں گے۔ اس دور میں مسلمانوں کے اعمال اسلام کی حقیقی تعلیم سے بالکل متضاد ہوں گے۔ آنحضرت ﷺ نے یہ بھی فرمایا تھا کہ نام نہاد مسلمان علماء اور رہنما اسلامی تعلیمات کی بالکل غلط تفسیر کریں گے اور ان کی ذہنیت صرف فساد اور ناانصافی بڑھانے پر ہی منتج ہوگی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
تاہم مسلمانوں کی اس مخدوش حالت کی پیشگوئی کرتے ہوئے آنحضرت ﷺ نے یہ خوشخبری بھی دی تھی کہ فتنہ وفساد کے ایسے دور میں اللہ تعالیٰ اسلام کے احیاء اور اسکی سچی تعلیمات کو پھیلانے کیلئے ایک شخص کو مبعوث کرے گا۔ جسے مسیح موعود اور امام مہدی کے طور پر بھیجا جائیگا اور وہ اسلام کی پُرامن اور اصل تعلیمات کو تمام دنیا میں نافذ کرے گا۔ وہ انسانیت کو اسلام کے حقیقی روحانی نور سے روشناس کرے گا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
آج خدا تعالیٰ کے فضل سے ہم دیکھتے ہیں کہ اس عظیم پیشگوئی کے دونوں حصے پورے ہو چکے ہیں۔ یعنی ایک طرف تو اسلام اور اس کی تعلیم آلودہ ہو چکی ہے اور دوسری طرف خدا تعالیٰ بانی جماعت احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وجود میں مسیح موعود اور امام مہدی کو بھی بھیج چکا ہے۔ حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی زندگی میں اسلام کے حقیقی چہرے سے پردہ اٹھایا اور اسکی عظیم الشان تعلیمات دنیا کے سامنے پیش کیں۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ ثابت کیا کہ انسانیت کی تاریخ میں امن کے سب سے بڑے سردار اور رہنما آنحضرت ﷺ ہیں۔ چنانچہ یہ اس عظیم الشان پیشگوئی کا پورا ہونا ہی ہے کہ ان نام نہاد مسلمانوں کے ہولناک اعمال کو دیکھ کر احمدی مسلمانوں کے ایمان کو تقویت ملتی ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
اس تعارف کے بعد میں اب مختصراً آنحضرت ﷺ کی وہ سچی تعلیمات پیش کرنا چاہوں گا جو دنیا میں دیرپا امن قائم کرنے کیلئے آنحضرت ﷺ کی بے مثال کوششوں کی عکاس ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
ایک بنیادی اور اہم نکتہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سکھایا، وہ یہ ہے کہ دنیا میں ہر کسی کی ذہنیت اور ترجیحات ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہیں۔ یہ سچ ہے کہ اکثر لوگ امن چاہتے ہیں لیکن یہ بھی سچ ہے کہ بہت سے لوگ صرف اپنے ذاتی امن اور تحفظ کو ترجیح دیتے ہیں۔ انہیں دوسروں کی فلاح کی فکر نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے یا بالکل ہی نہیں ہوتی۔ انسانی نفسیات کا علم بتاتا ہے کہ جہاں ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ امن وسکون میں رہے، وہاں یہ بھی حقیقت ہے کہ اکثر لوگ یہ پسند نہیں کرتے کہ ان کے دشمن یا مخالفین خوشی اور امن سے زندگی گزاریں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
یہ بھی سچ ہے کہ لوگ امن کی مختلف اقسام کو اہمیت دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر بعض صرف اپنے دلوں اور ذہنوں کے امن وسکون کو اہمیت دیتے ہیں، بعض اپنے گھر کے امن وسکون کو اہمیت دیتے ہیں جبکہ دیگر اپنے ہمسایوں میں امن کے خواہاں ہوتے ہیں۔ کچھ افراد اپنے قصبوں اور شہروں کو جبکہ دیگر اپنے ملک کے امن کو ترجیح دیتے ہیں۔ لیکن اپنے مخصوص رجحان کے علاوہ انہیں کوئی فکر نہیں ہوتی کہ دوسرے شہروں اور ملکوں میں کیا ہو رہا ہے انہیں دنیا کے دوسرے حصوں میں رہنے والے ان لوگوں کیلئے جو مصائب وشدائد میں مبتلا ہیں کوئی ہمدردی اور محبت محسوس نہیں ہوتی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
پہلے ادوار میں تو اس بے حسی اور سرد مہری کا کچھ جواز تھا کیونکہ معاشرے اور قومیں اس طرح باہم مربوط نہ تھیں، جیسا کہ اب ہیں۔ اُس دور میں مواصلات کے ذرائع بہت ہی محدود تھے اور ایک علاقہ اور ملک کے حالات کی خبر دوسرے علاقوں تک پہنچنے کیلئے ایک زمانہ درکار ہوتا تھا۔ اور اکثر خبر پہنچتے پہنچتے ہی پرانی ہو جاتی تھی اور حالات پھر سے تبدیل ہو جاتے تھے۔ لہٰذا ان ادوار میں دوسروں کی تکلیف کو فوری محسوس کرنا اور دور دراز علاقوں میں لوگوں کی مدد کرنے کی کوشش کرنا بہت مشکل تھا۔ تاہم آج دنیا یکسر بدل گئی ہے اور گلوبل ویلیج بن چکی ہے۔ بہر حال جبکہ دنیا باہم مل چکی ہے، فاصلے سمٹ چکے ہیں اور مواصلات کی روکیں زائل ہو چکی ہیں، اب بھی اس حقیقت کو ماننے سے انکار کیا جا رہا ہے کہ ہم باہم ایک دوسرے سے تعلق اور واسطہ رکھتے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
مثال کے طور پر بہت سے لوگ یقین رکھتے ہیں کہ مشرق وِسطیٰ یا افریقہ کے حالات سے یورپ اور شمالی امریکہ کے حالات پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اسی طرح آسٹریلیا اور مشرقِ بعید میں بسنے والے بہت سے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ دنیا کے دوسرے حصوں میں جو فساد برپا ہیں، جیسا کہ یوکرائن اور رشیا کے درمیان تنازعہ ہے، ان فسادات کا ان کی زندگیوں پر اور ان کے ممالک پر کوئی اثر نہیں۔ بالعموم یہی سمجھا جاتا ہے کہ جو آج دنیا میں بڑھتی ہوئی بے چینی اور فساد نظر آ رہا ہے صرف متاثرہ علاقوں تک محدود ہے اور اس کا اثر باہر نہیں پھیلے گا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
یہ باتیں تو ایک طرف لیکن اس کے علاوہ ایک بہت اہم مسئلہ ہے جو رویوں اور سمجھ میں ایک بڑی تبدیلی پیدا کر رہا ہے۔ میں جس مسئلہ کی بات کر رہا ہوں وہ امیگریشن ہے اور اس سے بھی وسیع تر مسئلہ تارکین وطن کے نئے معاشرہ میں ضم ہونے کا ہے۔ بہت سے ممالک میں ہم دیکھتے ہیں کہ مہاجرین کی نوجوان نسل میں بے چینی اور مایوسی بڑھ رہی ہے۔ ان میں سے بعض نوجوان اس حد تک مایوس ہو گئے ہیں کہ انہوں نے شدت پسندی اختیار کر لی اور انتہا پسند گروہوں میں شامل ہو گئے ہیں۔ اس سے فی الحقیقت ایک خوف پیدا ہو رہا ہے کیونکہ ترقی یافتہ ممالک اس بات کا ادراک کر رہے ہیں کہ ان کے اپنے نوجوانوں میں سے بعض ایسے ہیں کہ جو بری طرح متاثر ہوئے ہیں اور یہ امر قوم کیلئے بہت بڑا خطرہ ہے۔ اس کے ردِ عمل کے طور پر ترقی یافتہ ممالک کی حکومتیں اور قانون نافذ کرنے کے ادارے ایشیائی افراد پر اس امید پر پابندیاں لگانے جا رہے ہیں کہ اس سے ان کے معاشرہ اور افراد کا تحفظ ہوگا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
تاہم یہ نقطۂ نظر غلط ہے اور ان سنجیدہ نوعیت کے مسائل کا مناسب حل نہیں ہے۔ ضرورت تو اس امر کی ہے کہ اس مسئلہ کا جامع اور مکمل حل نکالا جائے۔ اسلئے میں آپ کو بتاتا ہوں کہ اسلام کے پاک نبی ﷺ نے ہمارے سامنے ان مسائل کا حل پیش فرمایا ہے۔ اپنی روشن تعلیمات کے ذریعہ آپ ﷺ نے امن کی سنہری کلیدیں ہمیں سونپی ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے واضح فرمایا ہے کہ صرف دنیاوی ذرائع اور مادی خواہشات پر توجہ مرکوز کر کے دنیا کا امن حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ آپ ﷺ نے تعلیم دی ہے کہ تمام لوگوں کیلئے خواہ مسلمان ہوں یا غیر مسلم، فساد سے بچنے کیلئے اور ناامیدی اور نفرت کے سلگتے شعلوں سے محفوظ رہنے کا صرف ایک ہی ذریعہ ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
آپ ﷺ نے تعلیم دی ہے کہ حقیقی امن کے قیام کیلئے بنی نوع انسان کو اپنے خالق کی پہچان اور اس کے در پر سرنگوں کرنا ہوگا۔ آنحضرت ﷺ نے پہلے ہی خبر دار کر دیا تھا کہ ایک دور آئیگا جب مسلمان بھی اپنے مذہب کی حقیقی تعلیمات بھلا دیں گے اور خدا تعالیٰ کی کچھ پروا نہ کریں گے اور ان کا ایمان صرف زبانی وظیفوں تک محدود ہو جائے گا۔ اسی طرح دیگر مذاہب کے افراد بھی خدا تعالیٰ کی حقیقی پہچان نہ کر سکیں گے اور وہ جو کسی مذہب پر یقین نہیں رکھتے وہ خدا تعالیٰ کے وجود سے ہی انکاری ہوں گے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
وہ خدا جس کے بارے میں آنحضرت ﷺ نے بتایا ہے وہ تمام کائنات کا خالق ہے۔ وہ خدا ہے جس کی بہت سی صفات میں سے ایک ''سلام''، یعنی امن قائم کرنے والا بھی ہے۔ چنانچہ قرآن کریم میں سورۂ حشر آیت ۲۴ میں اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو ارشاد فرمایا ہے کہ دنیا کو بتا دو کہ وہ اُس بادشاہ، پاک ذات اور امن دینے والے پر ایمان لائیں۔ ''سلام'' کا مطلب ہے کہ وہ ذات جو دنیا کو امن فراہم کرتی ہے اور وہ روشنی ہے جس سے امن کی تمام کرنیں پھوٹتی ہیں۔ لہٰذا تمام تر امن کا منبع ہونے کے ناطے خدا چاہتا ہے کہ تمام بنی نوع انسان میں ہم آہنگی اور امن قائم رہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
جیسا کہ والدین اپنے بچوں کیلئے پسند نہیں کرتے کہ وہ آپس میں لڑائی جھگڑا کریں اور گھر میں خرابی کا باعث بنیں، اسی طرح اللہ تعالیٰ نہیں چاہتا کہ اس کی مخلوق فتنہ وفساد میں پڑے۔ والدین ہمیشہ اپنے اُن بچوں کو پسند کرتے ہیں جو زیادہ اچھی طبیعت کے اور صلح پسند ہوتے ہیں۔ اسی طرح ملکی قانون بھی انہی کو پسند کرتا ہے جو امن پسند ہیں۔ بعینہ ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سے محبت کرتا ہے جو اپنے جذبات کو قابو میں رکھ سکتے ہیں اور پُرامن ہیں۔ اگر ہم اس نکتہ پر غور کریں تو یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ وہ نام نہاد مسلمان جو انتہا پسند نظریات کی پیروی کر رہے ہیں وہ اپنے اس دعویٰ میں بالکل غلط ہیں کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو جہاد بالسیف اور قتل وغارت کا حکم دیتا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:
آنحضرت ﷺ کے دور میں جو غزوات ہوئے انہیں اپنے حقیقی تناظر میں دیکھنا چاہئے۔ اس بات میں کوئی

شک وشبہ نہیں کہ اسلام کے ابتدائی چند سالوں میں آنحضرت ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ رضوان اللہ علیہم بے رحم مخالفت اور دردناک مظالم کا شکار رہے۔ کئی سال کے صبر کے بعد آنحضرت ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے غیر مسلم حملہ آوروں کے خلاف دفاعی جنگ کرنے کی اجازت دی گئی۔ یہ اجازت قرآن کریم کی سورہ حج کی آیت ۴۰ میں دی گئی ہے، جہاں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ چونکہ مسلمانوں پر جنگ مسلّط کی گئی ہے اوران کیلئے جواب دینے اور اپنا دفاع کرنے کے علاوہ کوئی راہ نہیں چھوڑی گئی اس لئے انہیں جنگ کرنے کی اجازت دی جارہی ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ یہ جواب دینا کیوں ضروری تھا، اللہ تعالیٰ نے اگلی ہی آیت میں اس کا جواب دیا ہے، سورہ حج کی آیت نمبر ۴۱ میں اللہ تعالیٰ فرماتا کہ مسلمانوں کو ظالم حملہ آوروں نے ان کے گھروں سے ناحق نکالا اور اگر اللہ تعالیٰ انہیں اس بات کی اجازت نہ دیتا کہ حد سے بڑھنے والوں کو بزورِ بازو ظلم سے روکا جائے تو کوئی بھی امن سے نہ رہ سکتا۔ اگر مسلمان اپنا دفاع نہ کرتے تو اسکے بعد نہ ہی مذہبی لوگ اور نہ ہی دوسرے امن وتحفظ سے رہ سکتے۔

اسی آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر مسلمان اپنا دفاع نہ کرتے تو کوئی گرجا ، یہودی معبد، راہب خانہ اور مسجد محفوظ نہ رہتی، حالانکہ وہاں لوگ صرف اور صرف خدا کا ذکر کرنے ، امن پھیلانے اور اپنے دلوں اور ذہنوں سے ہر قسم کی برائی مٹانے کیلئے اکٹھے ہوتے ہیں، اسلئے حد سے تجاوز کرنے والے کا ہاتھ روکنے کی جو اجازت اللہ تعالیٰ نے دی ہے وہ اس وجہ سے ہے کہ اگر یہ نہ دی جاتی تو تمام معابد مٹ جاتے اور دنیا کا امن ہی مکمل طور پر تباہ ہو جاتا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

پس اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو دفاعی جنگ کی اجازت صرف ظلم اور ناانصافی کو ختم کرنے کیلئے دی۔ یہ اجازت ان لوگوں کو روکنے کیلئے دی گئی جو تمام لوگوں کی آزادی اور حقوق کو سلب کرنا چاہتے تھے۔ یہ اجازت ان لوگوں کو روکنے کے لئے دی گئی جو مذہبی آزادی کی بنیاد کو ہی تباہ کرنے کے درپے تھے اور یہ اجازت صرف اسلام کا دفاع کرنے کیلئے نہیں دی گئی بلکہ تمام مذاہب اور تمام اعتقادات کا تحفظ کرنے کیلئے دی گئی۔ اس آیت کریمہ سے ہمیں یہ بھی سیکھنے کو ملتا ہے کہ مساجد اور دیگر مذاہب کی عبادتگاہیں امن کی آماجگاہیں ہیں اور یہ پیار ومحبت پھیلانے کیلئے تعمیر کی جاتی ہیں نہ کہ کسی بھی قسم کی انتہاپسندی اور نفرت پھیلانے کیلئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

پھر سورہ انفال آیت ۶۲ میں اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ پر انتہائی خوبصورت تعلیم نازل فرمائی ہے جو کہ مسلمانوں کو امن وتحفظ قائم کرنے کے حوالہ سے رہنمائی فراہم کرتی ہے یہاں تک کہ حالتِ جنگ میں بھی۔ اس آیتِ کریمہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر تمہارا دشمن امن اور مفاہمت کیلئے ہاتھ پھیلائے تو اسے بغیر توقف کے قبول کر لینا چاہئے اور اسکے بعد اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنا چاہئے۔ لہٰذا بجائے اس کے کہ مفاہمت کی پیشکش میں سنجیدہ نہ ہونے کا گمان کیا جائے اور یہ خیال کیا جائے کہ دشمن دھوکا کر رہا ہے، مسلمانوں کو اللہ پر بھروسہ کرنے کا کہا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تعلیم دی ہے کہ مسلمانوں کو جہاں بھی ممکن ہو ایک دوسرے سے دوریاں ختم کرنی چاہئیں، حتی کہ ان لوگوں سے بھی جو لامذہب ہیں، خدا تعالیٰ پر ایمان نہیں رکھتے اور اپنے دلوں میں اسلام کے خلاف دشمنی رکھتے ہیں۔ درحقیقت اللہ تعالیٰ نے اس بات پر بڑا زور دیا ہے کہ مسلمان دنیا میں ہم آہنگی قائم کرنے کی خاطر امن کے ہر موقع کو مضبوطی سے تھام لیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

مزید آنحضرت ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے ایک اور ارشاد کے بارے میں مطلع کیا ہے جو قرآن کریم کی سورہ حٰم سجدہ کی آیت نمبر ۳۵ میں درج ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ امن قائم کرنے کی خاطر برائی کا جواب اچھائی اور نیکی کے ذریعہ دیا جائے۔ اس فرمان کے پیچھے جو حکمت کارفرما ہے وہ یہ ہے کہ اگر کوئی نفرت کا جواب محبت سے دے تو کچھ امید ہوتی ہے کہ دشمنی اور تفرقہ کی گہرائی سے دوستی اور اتحاد اُبھر آئے۔

یہ کیا ہی خوبصورت تعلیم ہے۔ یقیناً ایسی انگنت مثالیں ہیں جو یہ ثابت کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ امن، مفاہمت، تحفظ اور محبت کی تعلیم لائے ہیں اور میں نے ان میں سے صرف چند ایک پیش کی ہیں۔ یہ ثابت کرتی ہیں کہ اسلام کا خدا، یعنی اللہ تعالیٰ وہ ہستی ہے جو اپنی مخلوق کیلئے امن پیار اور محبت چاہتی ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

اسلئے وہ جو یہ سمجھتے ہیں کہ اسلام کی تعلیمات انتہاپسندی یا نفرت پھیلاتی ہیں، انہیں اپنے ذہنوں اور دلوں سے ایسے خدشات اور غلط فہمیاں ہمیشہ کیلئے دور کر لینی چاہئیں۔ آجکل جو ہم احمقانہ قتل وغارت اور فساد دیکھتے ہیں اسکا الزام اسلام یا اسلامی تعلیم پر نہیں پڑتا بلکہ یہ ان نام نہاد مسلمانوں کے اعمال کا نتیجہ ہے جو نفرت اور خود غرضی سے بھرے ہوئے ہیں اور جنہوں نے اپنے ذاتی مفادات کیلئے اسلام کی حقیقی روح کو آلودہ کر دیا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

آج خدا تعالیٰ کے وعدوں کے موافق صرف احمدیہ جماعت ہی ہے جو کہ دنیا کو اسلام کی سچی تعلیم سے منور کر رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر سال لاکھوں مسلمان اور غیر مسلم افراد احمدیہ مسلم جماعت میں شمولیت اختیار کر رہے ہیں۔ وہ صرف خدا تعالیٰ کی محبت حاصل کرنے کیلئے اور حقیقی امن اور اطمینان حاصل کرنے کیلئے احمدی مسلمان بن رہے ہیں ۔ یہ احمدی ان مایوس لوگوں کی طرح نہیں ہیں جو اپنے جذبات اور ردعمل کو قابو میں نہیں رکھ سکتے اور جس وجہ سے وہ انتہاپسند گروہوں کا حصہ بن رہے ہیں اور ظالمانہ طریق پر دنیا میں اسلام کا پیارا نام خراب کر رہے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

آج جب اسلام کو بالکل غلط انداز سے پیش کیا جارہا ہے، ہم احمدی نہ ہمت ہارتے ہیں اور نہ ہی مایوس ہوتے ہیں، ہم پختہ یقین رکھتے ہیں کہ ہم کامیاب ہوں گے اور ایک دن دُنیا پر اسلام کی حقیقت کا سورج ضرور طلوع ہوگا اور ہر ملک وقوم کے افراد اس کی خوبصورت تعلیمات سمجھیں گے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

ان الفاظ کے ساتھ میں ایک مرتبہ پھر آپ سب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنی گذارشات ختم کرتا ہوں۔ آپ کا بہت شکریہ کہ آپ اپنے وقت سے کچھ نکال کر یہاں میری باتیں سننے کیلئے آئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ پر فضل کرے۔ آپ سب کا بہت شکریہ۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ خطاب 4.بجکر ۴۵ منٹ تک جاری رہا۔ خطاب کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی اور بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ تشریف لے گئے۔

مہمانوں کے تاثرات:

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس خطاب نے مہمانوں پر گہرا اثر چھوڑا اور بہت سے مہمانوں نے برملا اس بات کا اظہار کیا کہ خلیفۃ المسیح کے خطاب نے ہمارے دل بدل دیئے ہیں۔ ان مہمانوں میں سے چند ایک مہمانوں کے تاثرات ذیل میں درج ہیں:

☆ مراکش کے ایک دوست مصطفیٰ جناح صاحب بیلجئم سے اس جلسہ میں شرکت کیلئے آئے تھے۔ وہ اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہنے لگے: یہاں آکر میں اپنے جذبات کو بیان نہیں کرسکتا۔ ایسا روحانی نظارہ دیکھا ہے جس نے میری روح کی گہرائی تک اثر کیا ہے۔ اسلام کی صحیح تصویر مجھے یہاں نظر آئی ہے۔ میں تقریباً دوسال سے جماعت کو جانتا ہوں لیکن تین ماہ سے باقاعدہ جماعت کے پروگراموں میں شامل ہوکر دیکھ رہا ہوں۔ لیکن خلیفہ وقت کو دیکھ کر اور آپ کی تقاریر سن کر میرا نظریہ احمدیت کے بارہ میں تبدیل ہو گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مجھے ایسی بیعت کی توفیق دے کہ میں دین کا خادم اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پیغام کو دنیا میں پھیلانے والا بنوں۔ آمین۔

☆ بیلجئم سے مراکش کے ایک دوست محمد لیاوی صاحب جلسہ پر آئے تھے۔ انہوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا: میں ایک سال سے احمدیہ مسجد برسلز کے قریب رہتا ہوں۔ تقریباً تین ماہ سے احمدیت کا مطالعہ کر رہا ہوں۔ میں یہی سمجھتا تھا کہ احمدیہ جماعت بہت سی دوسری جماعتوں کی طرح ’’بدعت‘‘ ہے۔ جیسے جیسے کتب پڑھیں میری سوچ بدلتی گئی لیکن میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ میں احمدی ہو جاؤں گا۔ اب مجھے اطمینان قلب ہوگیا ہے کہ یہ حسن اخلاق، یہ محبت جو جماعت میں رنگ ونسل کے فرق کے بغیر موجود ہے یہ انسانی کوششوں سے ممکن نہیں ہے سوائے اس کے کہ اس جماعت پر خدا کا ہاتھ ہے۔ جب میں نے خلیفۃ المسیح کو دیکھا تو اسی وقت میں نے بیعت کا فیصلہ کرلیا تھا۔ اب اللہ تعالیٰ میری بیوی اور بچوں کو بھی ہدایت دے۔

☆ مراکش کے ایک دوست عبداللہ کلنانی (Kailnani) بھی بیلجئم سے آئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ: میں مراکشی احمدی ہوں۔ جلسہ سالانہ بیلجیم اور جلسہ سالانہ ہالینڈ میں شرکت کرچکا ہوں، لیکن کسی ایسے جلسہ میں پہلی مرتبہ شرکت کی ہے جس میں خلیفۃ المسیح شامل ہوں۔ مجھے اس جلسے کا سارا انتظام بالکل ایسا لگا ہے جیسے شہد کی مکھیوں کی ملکہ اور اس کے نیچے سارے انتظامات ہیں۔ یہ میری خوش قسمتی ہے کہ میں نے ایسا بھائی چارہ، محبت اور ایسے انتظامات دیکھے ہیں کہ پہلے کبھی سوچا بھی نہ تھا۔

جلسہ کی تقاریر سے بھی بہت فائدہ پہنچا ہے اور علم میں بہت اضافہ ہوا ہے۔ جلسے کے دیگر شاملین سے باتیں کر کے میرا ایمان بہت مضبوط ہوا ہے۔ خلیفۃ المسیح کی تقاریر سنیں تو ایسا لگا جیسے میں روحانی طور پر پرواز کر رہا ہوں۔ جیسے میں دوبارہ پیدا ہوا ہوں۔ جیسے مجھے دنیا سے کوئی واسطہ نہیں۔ اس کیفیت کو بیان کرنا میرے لئے مشکل ہے۔

Adamou Seidou صاحب بیلجئم اور جرمنی کے باڈر پر رہتے ہیں۔ وہاں سے جلسہ میں شمولیت کیلئے آئے تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں: مجھے جماعت احمدیہ کا تعارف ایک دوست کے ذریعہ سے ہوا۔ لیکن جلسہ جرمنی پر آنے سے پہلے تک میں مذہب اور جماعت کو سنجیدگی سے نہیں لیتا تھا۔ لیکن جلسہ میں شامل ہوکر میرے جذبات کی کایا پلٹ گئی۔ جس جماعت کو میں سنجیدہ نہیں لیتا تھا اسی جماعت نے میری زندگی کے بہترین دن مجھے جلسہ سالانہ کی شکل میں دکھائے۔

موصوف نے اپنا ایک خواب بیان کرتے ہوئے بتایا کہ: یہاں جلسہ پر آکر میں نے خواب میں دیکھا کہ میں سمندر پر ہوں اور میں بہت گھبرایا ہوا ہوں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی طرف سے میرے دل میں سکون نازل ہوتا ہے اور وہ سکون اب میں بیداری میں بھی محسوس کرسکتا ہوں اور یہ سکون مجھے جلسہ سالانہ جرمنی میں آنے کی وجہ سے ہی ملا ہے۔ اس جلسہ نے مجھے بالکل بدل دیا ہے۔

احادیث نبوی ﷺ

حضرت ایوّب اپنے والد اور پھر اپنے دادا کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اچھی تربیت سے بڑھ کر کوئی بہترین اعلیٰ تحفہ نہیں جو باپ اپنی اولاد کو دے سکتا ہے۔ (ترمذی ابواب البر والصلۃ باب فی ادب الولد)

طالب دعا: ایڈوکیٹ آفتاب احمد تیماپوری مرحوم مع فیملی، حیدرآباد



Zaid Auto Repair
زید آٹو ریپیئر
Mob. 9041492415 - 9779993615
Deals in: Repair of All Types of 4 Stroke & 2 Stroke Vehicles
Shop No. 7,Front of Guru Nanak Filling Station
Harchowal Road, White Avenue Qadian
طالب دعا: صالح محمد زید مع فیملی و افراد خاندان

☆ایک آرمینین نوجوان جو کٹر عیسائی ہیں انہوں نے بہت خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا: آج میں اس بات پر بے حد خوش ہوں کہ ایک مبارک انسان سے میری ملاقات ہوئی ہے۔

☆ایک نوجوان Cem Utebey جس کا تعلق Alevism سے ہے اس نے کہا: مجھے سارے انتظامات بہت پسند آئے۔ مجھے معلوم نہیں تھا کہ اسلام اتنا امن پسند مذہب ہے۔ خلیفہ سے ایک پیار اور امن محسوس ہو رہا تھا۔

☆ایک عرب نوجوان نے کہا: خلیفہ کی بات بہت قائل کرنے والی اور ان کا پیش کرنے کا انداز نہایت متاثر کن لگا۔ ان کے وجود سے ہی امن ظاہر ہو رہا تھا۔ مجھے ایسی تعلیم کا باوجود مسلمان ہونے کے علم نہ تھا۔

☆ڈاکٹر Valdis Steins صاحب کا تعلق Latvia ملک سے ہے۔ موصوف اعلیٰ پایہ کے politician بھی رہ چکے ہیں اور یونیورسٹی میں پروفیسر بھی رہے ہیں۔ اب وہ research کرتے ہیں اور theology کے مضمون کے بارہ میں کتب تحریر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا: میں نے جو آج خلیفۃ المسیح کا خطاب سنا تو مجھے تو یہ محسوس ہوا کہ میں ایک طالب علم ہوں میں بھی بالکل یہی نظریہ رکھتا ہوں اور اس نظریہ کو امن کیلئے ضروری سمجھتا ہوں۔ میں نے توریت کو بھی پڑھا۔ موسیٰؑ نے جو تعلیم دی وہ بھی میں نے پڑھی ہے۔ میں تو ایسی باتوں کی تلاش میں تھا۔

موصوف نے کہا کہ مجھے بہت سے لوگ دیکھنے کو ملے ہیں لیکن آج جب خلیفۃ المسیح کو دیکھا ہے تو خاص شخصیت معلوم ہوئے ہیں۔ ایسے لوگ دنیا میں زیادہ نہیں ملتے۔ ان سے ایک حکمت، سچائی اور ذہانت ظاہر ہوتی ہے۔ میں انسانوں کو جلد پہچان لیتا ہوں اور خلیفہ ایک خاص انسان ہیں۔ ان کی ایک سوچ ہے اور جو کہتے ہیں سچ کہتے ہیں۔

☆ترکی سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب Attila Caliscan نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا: مجھے خلیفہ کو پہلی بار دیکھنے کا موقع ملا۔ بہت پیار کرنے والے معلوم ہوتے ہیں۔ بغیر سوچے سمجھے انسان ان پر اعتماد کر سکتا ہے۔ جو باتیں خلیفہ نے کہیں وہ قرآن کریم کی اور نبی کریم ﷺ کی باتیں تھیں۔ یقیناً ہم لوگ ان تعلیمات کو بھول گئے ہیں۔

موصوف نے کہا: خلیفۃ المسیح کوئی عام انسان نہیں لگتے بلکہ ان میں کوئی خاص بات ہے جس کو بیان کرنے کیلئے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ گو کہ وقت بہت کم تھا لیکن حضور انور نے اپنے خطاب میں اسلام کی بنیاد بیان کر دی۔ جو بھی بیان کیا بہت اعلیٰ تھا۔ حضور نے باہمی اتفاق پیدا کرنے کی تعلیم دی اور بتایا کہ سب کو اکٹھے مل جل کر رہنا ہوگا تا کہ امن پیدا کیا جا سکے۔ احمدیہ مسلم جماعت یہ کوشش کرتی ہے کہ اسلام کی اصل تعلیم انسانوں تک پہنچے۔ یہ بہت اعلیٰ کام ہے۔

☆ایک جرمن دوست Heiko Fahnicke صاحب نے کہا: یہ میرا پہلا موقع تھا کہ خلیفہ کو دیکھوں اور احمدیت کے بارہ میں کچھ جان سکوں۔ خلیفہ بہت ہی امن اور پیار والے معلوم ہوتے ہیں۔ جو بھی انہوں نے کہا سچ کہا اور اگر تمام انسان اس پر عمل کرنا شروع کر دیں تو پوری دنیا میں امن پھیل جائے۔ میں نے اپنی توقعات سے بڑھ کر اسلام کے بارہ میں یہاں سے سیکھا ہے اور مجھے بہت مزہ آیا۔

☆ایک پولیس آفیسر نے کہا: جو احمدیہ مسلم جماعت اسلام کی تعلیم پیش کر رہی ہے یہ تو وہی تعلیم ہے جس کی تلاش میں ہم police والے ہیں۔

☆دو تین سٹوڈنٹس جو اس جلسہ میں شامل تھے انہوں نے کہا: اسلام کی جو تصویر media پیش کرتا ہے وہ کافی گہرا اثر رکھتی ہے۔ لیکن آج یہاں آکر اور پہلے تو تلاوت سن کر جہاں ''لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ'' کا ذکر تھا اور پھر خاص طور پر خلیفہ کا خطاب سن کر اصل تعلیم کا پتہ چلا۔ ہمیں آج پتہ چلا ہے کہ اسلام کی جو اصل تعلیم ہے جو آنحضرت ﷺ نے پیش کی وہ ابھی تک قائم ہے۔ آج پتہ یہ بھی لگا کہ اسلام میں بھی دو قسم کے شدت پسند ہیں، ایک وہ ہیں جو زیادہ دنیاوی اعمال میں محو ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو زیادہ شدت پسند ہیں۔ لیکن آج اسلام کا حقیقی چہرہ بھی نظر آیا جو دونوں کے مابین ہے اور وہ جماعت احمدیہ ہے۔

☆ایک خاتون جو کہ Italy سے آئی تھیں انہوں نے کہا: میں نے مسجد نبوی کے بارہ میں خواب دیکھی۔ تو اس لئے اسلام کے بارہ میں سوچا اور ادھر جلسہ میں شامل ہوگئی۔ ادھر جب تلاوت سنی تو بالکل یقین ہوگیا کہ اصل اسلام یہی ہے۔ اب میں اسلام کے متعلق مزید پڑھوں گی۔

☆کروشیا سے تعلق رکھنے والی دو صحافی خواتین نے بھی یہ خطاب سنا اور انہوں نے کہا: آج ہم نے آپ کا خطاب سنا۔ آپ کے خطاب نے ہمیں بہت متاثر کیا۔ یہاں کے ماحول نے ہمارے اسلام کے بارہ میں تصور کو بدلا ہے اور ہم یہاں اچھا محسوس کرتی ہیں۔

☆بوسنیا سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب نے بیان کیا: حضور انور کا خطاب بہت پسند آیا۔ حضور انور نے ایک زندہ خدا کے بارہ میں تصور کو پیش کیا۔ اس وقت صرف جماعت احمدیہ ایک ایسی جماعت ہے جو یہ دعویٰ کرتی ہے اور دکھاتی بھی ہے کہ خدا تعالیٰ آج بھی زندہ ہے اور یہ بات حضورِ انور نے بہت آسان الفاظ میں مگر بہت عمدہ رنگ میں بیان فرما دی۔ اور آج انسانیت کو اسی کی ضرورت ہے۔ مجھے محسوس ہوتا ہے کہ آپ دوسروں سے مختلف ہیں اور حقیقی اسلام صرف آپ ہی کے پاس ہے۔

☆ہنگری سے تعلق رکھنے والے ایک دوست نے کہا: خلیفۃ المسیح کے الفاظ کا چناؤ بہت چنیدہ اور اعلیٰ ہے۔ آپ بہت سوچ سمجھ کر بات کرتے ہیں۔ میرے بہت سے مسلمان دوست ہیں مگر جماعت احمدیہ سے جب تعلق پیدا ہوا تو پتا چلا کہ اصل امن پسندی اور اسلام کی حقیقی تعلیم احمدیوں میں ہے۔ اور احمدی امن کی جو تعلیم دنیا کے سامنے پیش کرتے ہیں اس پر خود عمل پیرا بھی ہیں۔

☆ایک مسلمان دوست نے کہا: حضور انور کی سب باتیں بہت اچھی لگیں۔ آپ کا خطاب زبردست تھا اور اسلام کی اساسی تعلیم آپ نے بہترین رنگ میں پیش کی۔ میں آپ کا شکرگزار ہوں کہ آپ نے مجھے اپنا مذہب دوبارہ سے یاد کروایا اور اس کی تعلیم کی اصل روح مجھ میں دوبارہ سے اُجاگر کی ہے۔

☆ایک دوست نے کہا: حضور انور کا چہرہ مبارک بہت خوبصورت لگا اور آپ کا خطاب بہت اہمیت رکھتا ہے۔ اس نے اس بات کا اظہار کیا کہ حضور انور a man of peace ہیں۔ اسلام اور امن ایک ہی چیز ہیں ان میں کوئی فرق نہیں۔ آج دنیا کا امن جماعت احمدیہ کے پاس ہے۔

☆ایک غیر احمدی خاتون نے کہا: حضور انور بہت رحم دل اور نرم زبان ہیں۔ آپ کا خطاب بہت مؤثر تھا۔ خاص طور پر اس لئے کہ عصر حاضر کا اس میں ذکر تھا۔

☆ایک دوست Sefer Bzigal صاحب جو بوسنیا سے تعلق رکھتے ہیں اپنی بیٹی کے ساتھ آئے ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا: حضور انور خدا کے بندہ ہیں اور آپ نے میرے ایمان کو تقویت بخشی ہے۔ آج دنیا کو مسیح موعودؑ کی ضرورت ہے۔ حضور انور نے جو بھی پیغامات دیئے ہیں وہ دنیا کے ہر باشندہ کیلئے ہیں اور تشدد پسندی کے بالکل برعکس ہیں۔ آج حضور کی باتوں پر عمل کیا جائے تو دنیا میں امن قائم ہو جائے گا۔

☆ایک عیسائی ٹیچر نے جس کا نام Edith Feike ہے انہوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا: میں حضور انور کے وجود سے بہت متاثر ہوں اور آپ کیلئے میرے دل میں تعظیم ہے۔ آپ کا وجود ایک ایسا وجود ہے جس کی حفاظت کرنا ضروری ہے۔ دنیا کی دیگر مشہور شخصیات کی طرح آپ کو شہرت کی کوئی فکر معلوم نہیں ہوتی۔ پوپ کو جب دیکھا جائے تو وہ شہرت سے لذت پاتا ہے مگر خلیفہ وقت میں یہ بات نظر نہیں آتی۔ خواتین سے حضور انور نے خطاب فرمایا اس سے معلوم ہوا کہ حضور عورتوں کا خیال رکھتے ہیں اور ان کی ترقی کی فکر ہے اور ان کو وہ اقدار سکھاتے ہیں جن کی حفاظت کرنا ہر عورت کیلئے ضروری ہے۔

موصوف نے کہا: آپ کا تبلیغی خطاب بھی بہت خوب تھا اور مجھے آج پتا چلا ہے کہ اصل اسلام وہ اسلام نہیں ہے جو میڈیا میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ آخر پر جو دعا تھی بہت اچھی لگی اور میں نے بھی اپنے طور پر دعا کی۔

☆ایک اور دوست نے کہا: حضور انور ایک امن پسند شخصیت ہیں۔ آپ کی کشادہ دلی اور آپ کے علم کی وسعت مجھے پسند آئی۔ آپ کے خطاب میں ایک دوسرے سے رواداری کے سلوک کا جو پہلو تھا وہ اچھا لگا اور یہ بات بھی اچھی لگی کہ آپ صرف تعلیم نہیں دیتے بلکہ عمل بھی کرتے ہیں۔

☆ایک مہمان Andreas Winterhalder صاحب نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا: حضور انور کا وجود بابرکت وجود ہے یوں معلوم ہوتا ہے کہ دوسروں کی طرح آپ کو بات کرتے ہوئے اپنی ذات کی فکر نہیں بلکہ جو بات بیان فرما رہے ہیں وہی مراد ہے۔ آپ کا وجود نرمی اور سکون اور امن سے بھرا ہوا ہے۔ آپ کا پیغام اچھا لگا کہ معاشرہ میں امن پسندی کی ضرورت ہے اور تمام مسلمانوں کو چند مسلمانوں کے بد اعمال کی وجہ سے برا نہیں سمجھنا چاہئے۔

☆(فرانس کے ایک نو مبائع) Anly Anfane (آنلی آنفان صاحب) جلسہ سالانہ جرمنی پر آئے تھے۔ یہ جزائر قموروز کے رہنے والے ہیں۔ تین ہفتہ قبل ہی انہوں نے بیعت کی ہے۔ یہ بتاتے ہیں کہ:

بیعت کرنے سے پہلے میں مسلمان تو تھا مگر استقامت نہیں ملتی تھی۔ کل جب حضور انور کے پیچھے جمعہ پڑھا تو مجھے بہت مزا آیا اور زندگی میں پہلی بار نماز میں رونا آیا۔ جماعت میں داخل ہونے سے قبل میرے سارے کام پھنسے ہوئے تھے لیکن جب سے احمدی ہوا ہوں میرے سارے کام آسان ہو گئے ہیں اور روزانہ خدا تعالیٰ کے نشان نظر آ رہے ہیں۔

میں احمدی ہونے کے بعد آرام اور دلی سکون محسوس کر رہا ہوں۔ جلسہ کا ماحول بہت پسند آیا ہے۔ کام کے سلسلہ میں مشکلات تھیں لیکن جب سے بیعت کی ہے اس کے چند دن بعد آسانیاں نظر آنا شروع ہوئیں۔ آنے سے پہلے ایک جاب کی آفر ہوئی۔

اب جلسہ پر آکر مجھے بہت تعجب ہو رہا ہے کہ اتنے لوگ ایک ہی جگہ پر اتنے منظم طریق پر اکٹھے بیٹھے ہیں اور کسی قسم کا کوئی جھگڑا نہیں ہے۔ کوئی شور نہیں ہے۔

مختلف وفود سے ملاقاتوں کا پروگرام

آج پروگرام کے مطابق ترک قوم سے تعلق رکھنے والے احباب پر مشتمل وفد اور سلووینیا سے آنے والے وفد اور عرب احباب سے ملاقاتوں کا پروگرام تھا۔ آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز تشریف

دعاؤں میں لگے رہو

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''میں نصیحت کرتا ہوں کہ اپنی ایمانی اور عملی طاقت کو بڑھانے کے واسطے دعاؤں میں لگے رہو۔''

(ملفوظات، جلد 4، صفحہ 207)

طالب دُعا: برہان الدین چراغ مع فیملی ولد چراغ الدین صاحب، ننگل باغبان۔ قادیان

احادیث نبوی ﷺ

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

جس میں یہ تین باتیں ہوں اللہ تعالیٰ اسے اپنی رحمت کا سایہ عطا فرمائے گا اور اسے جنت میں داخل کرے گا۔ وہ کمزوروں پر رحم کرے۔ ماں باپ سے محبت کرے اور خادموں اور نوکروں سے حسن سلوک کرے۔

(جامع ترمذی کتاب صفة القیامہ حدیث نمبر 2418)

طالب دعا: ایڈووکیٹ منور احمد خان، صدر جماعت احمدیہ پوری اُڈیشہ مع فیملی و افراد خاندان

لائے اور ملاقاتوں کا یہ سلسلہ شروع ہوا۔

ترک وفد کی ملاقات

سب سے پہلے ترک قوم سے تعلق رکھنے والے احباب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ امسال 46 مرد وخواتین پر مشتمل ترک وفد جلسہ میں شامل ہوا۔

ملاقات کے شروع میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سب سے پہلے ازراہِ شفقت وفد کے تمام ممبران کا حال دریافت فرمایا۔ ہر ایک نے اس پر بے حد خوشی کا اظہار کیا کہ آج ہماری حضور انور سے ملاقات ہور ہی ہے۔ وفد کے ممبران نے جلسہ کے ڈسپلن، نظم وضبط اور باہمی اتحاد اور بھائی چارہ کی بہت تعریف کی۔

☆ ایک احمدی دوست نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو مخاطب ہوتے ہوئے عرض کیا کہ حضور مجھے آپ سے محبت ہے۔ اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ ''مجھے بھی آپ سے محبت ہے۔''

☆ ایک سوال کے جواب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ نے پیشگوئی فرمائی تھی کہ مسلمانوں میں بہت سے فرقے ہو جائیں گے اور پھر آپ ﷺ نے یہ بھی پیشگوئی فرمائی تھی کہ آخری زمانہ میں مسیح و مہدی آئے گا۔ تمام مسلمان اس مسیح اور مہدی کے آنے کا انتظار کر رہے ہیں لیکن ہم یعنی جماعت احمدیہ ایمان رکھتی ہے کہ آنحضرت ﷺ کی پیشگوئی کے مطابق آنے والا مسیح اور مہدی آچکا ہے اور ہم نے اس کو قبول کیا ہے اور اس پر ایمان لے آئے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

حضرت مسیح موعود علیہ السلام سب مذاہب کو ایک ہاتھ پر جمع کرنے کے لئے آئے تھے۔ اُمت واحدہ بنانے کے لئے آئے تھے۔ آپ علیہ السلام کی وفات کے بعد خلافت کا سلسلہ شروع ہوا اور آپ کے ماننے والوں کی تعداد مسلسل بڑھتی رہی اور آج بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہر سال لاکھوں مسلمان جماعت احمدیہ میں شامل ہوتے ہیں اور ہماری تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے۔

☆ ایک ترک احمدی دوست نے عرض کیا کہ ہم سب ترک احمدی آپ سے محبت رکھتے ہیں۔ دس پندرہ سال قبل صرف تین چار ترک احمدی نظر آتے تھے۔ اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم احمدیوں کا ایک بڑا گروپ ہے دعا کریں کہ ترکی میں بھی جلد جماعت بڑھے۔

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

''اللہ تعالیٰ فضل فرمائے۔ اب یہ کام تو آپ لوگوں نے کرنا ہے۔''

☆ ایک نوجوان طالب علم نے عرض کیا کہ میرے امتحان میں میری کامیابی کے لئے دعا کریں۔

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ خدا کامیاب کرے۔ خدا آپ کو کامیابی دے گا۔

☆ اسی طرح ایک شخص نے اپنی والدہ کی بیماری کا ذکر کر کے دعا کی درخواست کی۔ اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا۔ ''اللہ تعالیٰ فضل فرمائے''

☆ایک صاحب نے سوال کیا کہ ہم نے جلسہ کے دوران حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مصروفیت دیکھی ہے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کس طرح اتنا بوجھ اُٹھاتے ہیں؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: جب خدا تعالیٰ نے ذمہ داری ڈالی ہے تو وہ مدد بھی کرتا ہے۔ دعا کریں کہ خدا اپنی مدد کا ہاتھ بڑھاتا چلا جائے۔ آپ کو یہ دعا کرنی چاہئے۔

☆ایک نومبائع نے عرض کیا کہ میں خدا کے فضل سے چھ ماہ قبل احمدی ہوا ہوں۔ اس وقت حضور کو دیکھ کر میری کیفیت بہت جذباتی ہے۔ دنیا میں کئی ملین احمدی اس بات کو ترستے ہیں کہ ہمیں خلیفۃ المسیح خواب میں ہی نظر آجائیں لیکن ہم کتنے خوش نصیب ہیں کہ حضور انور کے سامنے بیٹھے ہیں۔ موصوف نے عرض کیا کہ میرے تین بھانجے احمدی نہیں ہیں۔ یہ میرے ساتھ آئے ہیں ان کے لئے دعا کریں کہ خدا ان کو احمدیت قبول کرنے کی توفیق دے اور ساری فیملی احمدیت قبول کر لے۔

☆ایک دوست نے سوال کیا کہ ہمارے اور غیر احمدیوں کے درمیان بہت سی مشترک چیزیں ہیں لیکن ہمارے مخالف اختلافی باتوں کو بہت ہوا دیتے ہیں۔ اس خلیج کو کس طرح کم کیا جا سکتا ہے؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

یہ بتانا چاہئے کہ ہمارے درمیان جو مشترک چیزیں ہیں ان پر آؤ اور اکٹھے ہو جاؤ۔ خدا تعالیٰ نے قرآن کریم میں یہی اصول بتایا ہے۔ تَعَالَوْا اِلٰی كَلِمَةٍ سَوَآءٍۭ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ کہ ایک کلمہ کی طرف آجاؤ جو تمہارے اور ہمارے درمیان مشترک ہے۔

حضور انور نے فرمایا: اہل کتاب والوں سے یہ اصول چل سکتا ہے تو مسلمانوں کے ساتھ کیوں نہیں چل سکتا؟ آج کل انسانیت کی ضرورت ہے۔ انسانی اقدار قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ سب کو اس پر اکٹھا ہونا چاہئے۔ خدا تعالیٰ کے زیادہ احکامات انسانی قدروں کے قیام کے ہیں۔ مذاہب تو بعد کی بات ہے۔ آپ کا کام دوسروں کو سمجھانا ہے۔ باقی جنہوں نے مخالفت کرنی ہے وہ کرتے چلے جائیں گے۔

☆ایک سوال کے جواب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

پاکستان میں ملاں کی طرف سے مخالفت ہے۔ وہ بات سننا نہیں چاہتے۔ لیکن افریقہ میں علماء بات سنتے ہیں اور جب حقیقت سمجھ آجائے تو مانتے ہیں اور اپنے متبعین کے ساتھ احمدیت قبول کر لیتے ہیں۔ جس کو خدا نے ہدایت دینی ہو ہدایت دیتا ہے اور جن پر مہریں لگا دی ہیں ان کو ہدایت کس طرح مل سکتی ہے؟

☆ملاقات کے بعد ترک احباب نے اپنے تاثرات کا اظہار بھی کیا۔ ایک دوست Hassan Odabasi صاحب نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ:

حضور جب تشریف لائے تو میں نے دیکھا کہ کمرہ نور سے منور ہو گیا ہے اور اس سے ہمارے قلوب پر تسکین نازل ہوئی۔ آپ نے دلی محبت سے ہمیں قبول فرمایا اور ہمارے ہر سوال کا جواب دیا۔ ہمیں آپ کی مقبول دعاؤں سے حصہ ملا۔ آپ نے ہم سب کے لئے اور ترکی جماعت کی ترقی کے لئے بھی دعا کی۔

☆ایک دوست Karim Mahmud صاحب نے بیان کیا کہ:

مجھے زندگی میں پہلی مرتبہ اتنے قریب سے پیارے آقا کو دیکھنے کا موقع ملا۔ اس ملاقات کے ہر لمحہ نے میرے اندر ہیجانی کیفیات کو جنم دیا۔ حضور نے ہر شخص کے مزاج کے مطابق اس کے سوال کا جس طرح جواب دیا اس کا اپنا ہی ایک مزا تھا۔

☆اس وفد میں ایک 12 سالہ غیر مسلم بچہ بھی شامل تھا۔ اس نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

میں نے جب حضور انور کے چہرہ مبارک کو دیکھا تو میرے دل کی دھڑکن خوشی کے مارے تیز ہو گئی۔ میں آج بہت خوش ہوں۔

☆ایک احمدی دوست Ogun Sen صاحب کہنے لگے:

میری حضور انور سے پہلی ملاقات تھی۔ اس ملاقات کا حسن میرے لئے ناقابل بیان ہے۔

☆ایک غیر احمدی دوست C e n Utebey صاحب نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا:

یہ ملاقات میرے لئے ناقابل یقین بھی ہے اور ناقابل بیان بھی۔ آپ کی شخصیت میں ایک کشش پائی جاتی ہے۔

☆ایک غیر احمدی دوست Abdullah صاحب کہنے لگے کہ:

خلیفہ کی ملاقات سے مجھے تسکین قلب ملی۔ میں نے دیکھا کہ اس فضا میں روحانیت کی لہریں موجزن تھیں۔

☆ایک دوست Ertekin صاحب نے بتایا کہ:

حضور انور سے ملاقات کی کیفیات کو بیان کرنے کے لئے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ خلیفہ وقت کا وجود محبت اور تسکین قلب دینے والا وجود ہے۔

☆گل داستان صاحبہ کہتی ہیں:

آپ کی ذات مبارک کو اسم بامسمّی پایا۔ آپ کا چہرہ انسان کو خوشی اور تسکین عطا کرتا ہے۔

☆Sara Yorlu صاحبہ نے بیان کیا: آپ کی ذات کو میں نے ہمدردانہ پایا۔ حضور انور نے بہت محبت سے میرے ہر سوال کا جواب دیا۔ اتنا بلند مقام ہونے کے باوجود حضور انور نے ہمیں اتنا زیادہ وقت اور توجہ عنایت کی۔

☆Esra صاحبہ نے کہا:

میں حضور کے سامنے اپنے آپ کو کسی اور دنیا میں محسوس کر رہی تھی۔ آپ کی ذات بارعب ہے۔

10 Years Quality Service 2003-2013
Study Abroad
سٹڈی ابراڈ
Prosper Overseas is the India's Leading Overseas Education Company.
All Services free of Cost
About Us
Prosper Overseas is a One STOP SOLUTION to all International Study Needs. Representing over 500 Universities / Colleges in 9 countries since last 10 years
Achievements
• NAFSA Member Association , USA.
• Certified Agent of the British High Commission
• Trusted Partner of Ireland High Commission
• Nearly 100 % success Rate in Student Admissions in various institutions abroad, Training Classes, and Student Visas.
Corporate Office
Prosper Education Pvt Ltd.
1-7-27/6, Behind Green Park Hotel, Green Lands, Ameerpet, Hyderabad - 500 16, Andhra Pradesh,
Phone : +91 40 49108888.


Study Abroad
10 Offices Across India
بیرون ممالک میں
اعلیٰ پڑھائی کرنے کیلئے رابطہ کریں
CMD: Naved Saigal
Website:www.prosperoverseas.com
E-mail: info@prosperoverseas.com
National helpline: 9885560884

☆ایک خاتون Ayben صاحبہ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ہونے والی ملاقات کے متعلق بتایا کہ:

اس ملاقات میں ہر چیز بہت ہی پیاری تھی۔ اس ملاقات میں جب ہمارے بھائی Hasan Odabas نے اُٹھ کر کہا کہ پیارے آقا ہم سب ترک احمدی آپ سے محبت کرتے ہیں تو میں بہت خوش ہوئی کیونکہ انہوں نے ہر ترک احمدی کے دل کی ترجمانی کر دی تھی۔ نیز اتنے زیادہ ترک احمدیوں کو ایک جگہ دیکھ کر مجھے دلی خوشی ہوئی۔

☆وفد میں شامل ایک خاتون Akcana صاحبہ نے بتایا:

اتنا مکمل نظام دیکھ کر انسان کے اندر یہ شک اور سوال اُٹھتا ہے کہ کہیں یہ نظام واقعتاً خدا کی طرف سے ہی نہ ہو۔

☆ترک احباب کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ یہ ملاقات ساڑھے آٹھ بجے تک جاری رہی۔ ملاقات کے آخر پر سب احباب نے فیملی وائز حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصاویر بنوانے کی سعادت پائی۔ وفد کے ممبران فرطِ جذبات سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ہاتھوں کو چومتے اور بوسہ دیتے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت وفد کے ممبران کو قلم عطا فرمائے اور چھوٹے بچوں اور بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائیں۔

سلووینن وفد کی ملاقات

بعد ازاں پروگرام کے مطابق ملک سلووینیا سے آنے والے وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ ملک سلووینیا سے چار افراد پر مشتمل وفد آیا تھا۔

ملاقات کے آغاز میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تمام ممبران سے ان کا حال دریافت فرمایا اور سب سے باری باری تعارف حاصل کیا۔

☆وفد کی ایک ممبر نے بتایا کہ وہ botanical garden میں کام کرتی ہیں۔ اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دریافت فرمایا کہ کیا آپ کے گارڈن میں دنیا کے مختلف ممالک کے پودے موجود ہیں جس پر موصوفہ نے عرض کیا کہ موجود ہیں۔

☆وفد کی دو خواتین ممبر ٹرانسپورٹ کے شعبہ سے تعلق رکھتی تھیں۔ یہ ممبران جلسہ سالانہ میں پہلی مرتبہ شامل ہوئی تھیں۔ ممبران نے بتایا کہ ہم نے اپنی زندگی میں مسلمانوں کا ایسا بڑا پروگرام پہلی مرتبہ دیکھا ہے۔ ہم اس سے بہت متاثر ہیں۔ ہر چیز منظم تھی اور سب ایک دوسرے سے محبت و پیار سے پیش آرہے تھے۔ انتظامات بہت اچھے تھے انہوں نے بتایا کہ وہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے بابرکت وجود سے بہت متاثر تھیں اور اس بات کا اظہار کیا کہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا وجود ایک پُرنور وجود ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہمارے پروفیشن کے حوالہ سے بھی ہم سے بات کی اور ہم اسلام کے متعلق ہر لحاظ سے یہاں سے مطمئن ہو کر واپس جارہی ہیں۔

ملاقات کے آخر پر ممبران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔

عرب احباب کی ملاقات

بعد ازاں عرب احباب کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ملاقات شروع ہوئی۔ عرب احباب کی تعداد پانچ سو کے قریب تھی جن میں سے 300 احباب جرمنی کے رہنے والے ہیں اور باقی فرانس بیلجئم، سپین اور دوسرے ممالک سے آکر جلسہ میں شامل ہوئے تھے۔ ملاقات کے آغاز میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سب کا حال دریافت فرمایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ فرانس سے آنے والے احباب ہاتھ کھڑا کریں جس پر ایک بڑی تعداد نے اپنے ہاتھ کھڑے کیے۔ جس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ جرمنی اور بیلجئم میں رہنے والے عرب احباب کو چاہئے کہ وہ اپنی تعداد بڑھائیں۔ فرانس والے آگے بڑھ رہے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے عرب احباب کو مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا:

اگر آپ نے سچ سمجھتے ہوئے آنحضرت ﷺ کی پیشگوئی کے مطابق آنے والے مسیح اور مہدی کو قبول کرلیا ہے، اگر احمدیت کو حقیقی اسلام سمجھتے ہوئے قبول کیا ہے تو پھر آپ کا فرض ہے کہ آپ اس پیغام کو آگے پہنچائیں۔ اپنے بھائیوں کو بھی بتائیں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو اپنے لئے پسند کرتے ہیں وہ دوسروں کے لئے بھی پسند کریں۔ اس لئے آپ کا فرض ہے کہ دوسروں کو بھی احمدی بنائیں۔

☆ایک عرب دوست نے عرض کیا کہ میں نے یہاں آکر اسلام کی صحیح تعلیم کو جانا ہے جو تشدد کا خاتمہ کرتی ہے۔ جماعت احمدیہ ہی اسلام کی حقیقی تعلیم پیش کرتی ہے اور اس پر عمل بھی کرتی ہے۔ آج کل عراق میں بہت متشددانہ کارروائیاں ہورہی ہیں ہم کس طرح اس صورتحال سے باہر نکل سکتے ہیں؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ شام، سیریا اور دوسرے ممالک میں یہی حالات ہیں۔ ہر جگہ تشدد نظر آرہا ہے۔ یہ اُس بے چینی کا نتیجہ ہے جو عوام الناس میں پائی جاتی ہے۔ عوام الناس دیکھ رہے ہیں کہ ایسے حالات پیدا ہوئے ہیں جہاں ان کو حقیقی اسلام نظر نہیں آتا اور جو اسلام ان لوگوں کے سامنے پیش کیا جارہا ہے اس کا حقیقی اسلام سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ہم دعا ہی کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ اس بے چینی کو دُور کرے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ:

اس بے چینی کو دور کرنے کا علاج بھی خدا تعالیٰ نے بتا دیا تھا۔ چودہ سو سال قبل آنحضرت ﷺ نے پیشگوئی فرمائی تھی کہ آخری زمانہ میں جب اسلام کا نام باقی رہ جائے گا، ہر چیز بگڑ جائے گی تو اس وقت خدا تعالیٰ لوگوں کی ہدایت کے لئے مسیح اور مہدی کو مبعوث فرمائے گا اور تم اس کو قبول کر لینا۔ پس اس مسیح اور امام مہدی کو قبول کرنے سے ہی آپ کی بے چینیاں دور ہوں گی۔ آج جماعت احمدیہ ہی حقیقی اسلام کی تصویر پیش کرتی ہے اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کو، زمانے کے امام کو ماننے کے نتیجہ میں ہی یہ حقیقی تعلیم جماعت میں رائج ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سوال کرنے والے کو مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا: اور بھی شرفا ہیں جو چاہتے ہیں کہ دنیا میں امن قائم ہو تو آپ کو بھی اور دوسرے شرفا کو بھی چاہئے کہ دنیا میں امن کے قیام کی کوشش کریں۔

☆ایک عرب دوست جن کا تعلق مڈل ایسٹ سے ہے انہوں نے کہا کہ عراق میں اس تشدد، انتہا پسندی کے خاتمہ کے لئے کیا کیا جائے۔ کیا وہاں مبلغین بھجوائے جائیں یا پھر کیا طریق اختیار کیا جائے؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ صرف عراق ہی نہیں، لیبیا بھی ہے جہاں مختلف قبائل تشدد کر رہے ہیں اور سیریا بھی ہے۔ یہاں بھی مختلف گروہ تشدد میں پڑ گئے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: حکومتیں مل کر بیٹھیں۔ اسلامی ممالک کی آرگنائزیشنز (OIC) بجائے غیر ممالک اور بڑی طاقتوں کی طرف دیکھنے کے اپنے ممالک کے لیڈرز کو کیوں اکٹھا نہیں کرتیں؟ اپنے لیڈروں کو آرگنائز کریں اور مل کر بیٹھیں۔ انسانیت کی قدریں قائم کریں۔ جب ہم سب کا ایک ہی خدا ہے ایک ہی رسول ہے اور ایک ہی کتاب کے ماننے والے ہیں تو اپنے اختلافات چھوڑ کر انسانی قدروں کو اپنائیں اور اکٹھے ہوں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ یہ ایک آدمی کا کام نہیں ہے۔ جمعہ کے خطبات میں میں توجہ دلاتا رہتا ہوں اور عرب ممالک کے حالات کا ذکر کر کے جماعت کو دعا کے لئے کہتا ہوں اور مسلمان لیڈروں کو بھی سمجھاتا ہوں کہ اکٹھے ہوں اور آپس میں مل بیٹھ کر بات کریں۔ کیوں دوسروں کے پیچھے چل کر اپنے آپ کو تباہ کر رہے ہیں؟ یہ بتانا چاہئے کہ ہمارے درمیان جو مشترک چیزیں ہیں ان پر آئیں اور اکٹھے ہو کر بیٹھیں۔ خدا تعالیٰ نے قرآن کریم میں یہی اصول بتایا ہے۔ تَعَالَوۡا اِلٰی کَلِمَۃٍ سَوَآءٍۭ بَیۡنَنَا وَبَیۡنَکُمۡ کہ ایک کلمہ کی طرف آجاؤ جو تمہارے اور ہمارے درمیان مشترک ہے۔

حضور انور نے فرمایا: اہل کتاب والوں سے یہ اصول چل سکتا ہے تو مسلمانوں کے ساتھ کیوں نہیں چل سکتا؟ آج کل انسانیت کی ضرورت ہے۔ انسانی اقدار کو قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ سب کو اس پر اکٹھا ہونا چاہئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا۔ بڑی طاقتیں ان مسلمان ممالک کو تباہ کرنے کے درپے ہیں۔ تو یہ کیوں آپس میں پھوٹ رہے ہیں۔ اکٹھے کیوں نہیں ہوتے؟

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ ایک لطیفہ والی بات جو مجھے کسی نے کچھ روز پہلے بھیجی ہے۔ ایک آدمی دریا میں خودکشی کرنے لگتا ہے تو دوسرا اس کو روکتا ہے اور پوچھتا ہے کہ تم مسلمان ہو؟ تمہارا کس فرقہ سے تعلق ہے؟ کس مکتبہ فکر کے ساتھ ہو؟ تو وہ جب بتاتا ہے کہ میں فلاں فرقہ کے ساتھ ہوں تو پوچھنے والا کہتا ہے کہ میں بھی مسلمان ہوں اور میرا بھی فلاں مکتبہ فکر اور فلاں فرقہ سے تعلق ہے۔ جب خودکشی کا ارادہ کرنے والے مسلمان نے بتایا کہ میں فلاں مولوی کے پیچھے جا کر نماز پڑھتا ہوں تو یہ روکنے والا مسلمان کہتا ہے کہ تم تو پھر کافر ہو اور اسے دریا میں دھکا دے دیتا ہے کہ اس کفر سے بہتر ہے کہ تم مرجاؤ۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ جب حالات ایسے ہوں تو پھر کیا کیا جا سکتا ہے؟ پس اپنے اختلافات کو دور کریں تبھی یہ لوگ بچ سکتے ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم وعلی عبدہ المسیح الموعود
وَسِّعۡ مَکَانَکَ الہام حضرت مسیح موعود علیہ السلام
Courtesy: Alladin Builders
e-mail: khalid@alladinbuilders.com

JMB RICE MILL (Pvt) Ltd.
Love For All, Hatred For None
